

سُوْرَةُ الْمُؤْمِنُوْنَ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ مِائَةٌ وَّثَمَانَ عَشَرَةَ اٰيَةً

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

قَدْ اَفْلَحَ الْمُؤْمِنُوْنَ ○ الَّذِيْنَ هُمْ فِيْ

بیشک اُن مومنوں نے فلاح پائی جو اپنی نمازوں میں

صَلَاتِهِمْ خَاشِعُوْنَ ○ وَالَّذِيْنَ هُمْ عَنِ اللَّغْوِ

خشوع کرنیوالے ہیں اور جو بیہودہ باتوں سے مُنہ پھیرنیوالے

مُعْرِضُوْنَ ○ وَالَّذِيْنَ هُمْ لِلزَّكٰوةِ فَاعِلُوْنَ ○ وَالَّذِيْنَ

ہیں اور جو زکوٰۃ ادا کرنیوالے ہیں اور جو اپنی

هُمْ لِفُرُوْجِهِمْ حٰفِظُوْنَ ○ اِلَّا عَلٰٓى اَزْوَاجِهِمْ اَوْ مَا

شرمگاہوں کی حفاظت کرنیوالے ہیں سوائے اپنی ازواج کے یا اپنے ہاتھ کے مال

مَلَكَتْ اَيْمَانُهُمْ فَاِنَّهُمْ غَيْرُ مَلُوْمِيْنَ ○ فَمَنِ ابْتَغٰى

(لونڈیوں) کے کہ اِس صورت میں وہ قابلِ ملامت نہیں ہیں پس جو اِسکے سوا خواہش

وَرَآءَ ذٰلِكَ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْعٰدُوْنَ ○ وَالَّذِيْنَ هُمْ

کرے پس وہی تو زیادتی کرنیوالے ہیں اور وہ جو اپنی امانتوں

لِاَمٰنٰتِهِمْ وَعَهْدِهِمْ رٰعُوْنَ ○ وَالَّذِيْنَ هُمْ عَلٰى


کی اور عہد و پیمان کی رعایت کرنیوالے ہیں اور جو اپنی نمازوں کی حفاظت

صَلَوٰتِهِمْ يُحَافِظُوْنَ ○ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْوٰرِثُوْنَ ○

کرتے ہیں یہی لوگ تو وارث ہیں

الَّذِيْنَ يَرِثُوْنَ الْفِرْدَوْسَ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ○ وَلَقَدْ

جو جنّت فردوس کو میراث میں لے لینگے (اور) وہ ہمیشہ اُسی میں رہنے والے ہونگے اور ضرور



خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ مِنْ سُلٰلَةٍ مِّنْ طِیْنٍ ۞ ثُمَّ جَعَلْنٰهُ نُطْفَةً

ہمنے انسان کو مٹی کے خلاصہ سے پیدا کیا پھر ہمنے اسکو ایک ٹھہری ہوئی

فِیْ قَرَارٍ مَّكِیْنٍ ۞ ثُمَّ خَلَقْنَا النُّطْفَةَ عَلَقَةً فَخَلَقْنَا

جگہ میں نطفہ قرار دیدیا پھر ہمنے اُس نطفہ کو ایک بستہ بوند بنا دیا پس ہمنے اُس بستہ بوند

الْعَلَقَةَ مُضْغَةً فَخَلَقْنَا الْمُضْغَةَ عِظٰمًا فَكَسَوْنَا

کو ایک لوتھڑا بنا دیا پس اُس لوتھڑے کو ہمنے ہڈیاں بنا دیا پس ہمنے اُن ہڈیوں پر گوشت

الْعِظٰمَ لَحْمًا ق ثُمَّ اَنْشَاْنٰهُ خَلْقًا اٰخَرَ ط فَتَبٰرَكَ اللّٰهُ

کی پوشش پہنائی پھر اسکے بعد ہمنے اسکی ایک دوسری صورت بنادی تو کیسا برکت والا ہے

اَحْسَنُ الْخٰلِقِیْنَ ۞ ثُمَّ اِنَّكُمْ بَعْدَ ذٰلِكَ لَمَیِّتُوْنَ ۞

اللہ جو سب بنانیوالوں سے اچھا ہے پھر اسکے بعد تم سب ضرور مرنیوالے ہو

ثُمَّ اِنَّكُمْ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ تُبْعَثُوْنَ ۞ وَلَقَدْ خَلَقْنَا فَوْقَكُمْ

پھر قیامت کے دن تم دوبارہ اُٹھائے جاؤگے اور یقیناً ہمنے تمہارے اوپر سات آسمان

سَبْعَ طَرَآئِقَ وَمَا كُنَّا عَنِ الْخَلْقِ غٰفِلِیْنَ ۞ وَاَنْزَلْنَا

بنائے اور ہم مخلوق (کے پیدا کرنے) سے غافل نہیں ہیں اور ہمنے آسمان سے

مِنَ السَّمَآءِ مَآءًۢ بِقَدَرٍ فَاَسْكَنّٰهُ فِی الْاَرْضِ وَاِنَّا عَلٰى

ایک اندازہ سے پانی اُتارا پھر اُسکو زمین میں ساکن کردیا اور یقیناً ہم اُسکو

ذَهَابٍۭ بِهٖ لَقٰدِرُوْنَ ۞ فَاَنْشَاْنَا لَكُمْ بِهٖ جَنّٰتٍ مِّنْ

دور کردینے پر قادر ہیں پھر ہمنے اُسی کے ذریعے سے تمہارے لیے کھجوروں

نَّخِیْلٍ وَّاَعْنَابٍ لَكُمْ فِیْهَا فَوَاكِهُ كَثِیْرَةٌ وَّمِنْهَا تَاْكُلُوْنَ ۞

اور انگوروں کے باغات پیدا کیے جنمیں تمہارے لیے بہت سے میوے ہیں اور انہی میں سے تم کھایا (بھی) کرتے ہو

وَشَجَرَةً تَخْرُجُ مِنْ طُوْرِ سَیْنَآءَ تَنْۢبُتُ بِالدُّهْنِ

اور ایک درخت جو طور سینا سے نکلتا ہے جو ایک روغن کو (بھی) ساتھ ہی لیے ہوئے اگتا ہے

وَصِبْغٍ لِّلْاٰكِلِيْنَ ○ وَاِنَّ لَكُمْ فِي الْاَنْعَامِ لَعِبْرَةً ؕ

اور کھانیوالوں کے لیے سالن (کرتی) اور یقیناً تمہارے لیے چوپایوں میں ایک نصیحت ہے

نُسْقِيْكُمْ مِّمَّا فِيْ بُطُوْنِهَا وَلَكُمْ فِيْهَا مَنَافِعُ كَثِيْرَةٌ

کہ جو کچھ اُنکے پیٹ میں ہے اُس میں سے ہم تمکو پلاتے بھی ہیں اور تمہارے لیے اُن میں بہت سے فائدے ہیں

وَّمِنْهَا تَاْكُلُوْنَ ○ وَعَلَيْهَا وَعَلَى الْفُلْكِ تُحْمَلُوْنَ ○ ع ۲

اور اُن ہی میں سے تم بعض کو کھاتے بھی ہو اور اُن پر اور کشتیوں پر لدے (پھندے) پھرتے ہو

وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا نُوْحًا اِلٰى قَوْمِهٖ فَقَالَ يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ

اور بیشک ہمنے نوحؑ کو اُنکی قوم کی طرف بھیجا تھا پھر اُنھوں نے یہ کہا کہ اے میری قوم تم اللہ کی عبادت کرو

مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ ؕ اَفَلَا تَتَّقُوْنَ ○ فَقَالَ الْمَلَؤُا

جسکے سوا تمہارا کوئی اور معبود نہیں ہے کیا تم ڈرتے نہیں؟ تو اُنکی قوم میں سے

الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ قَوْمِهٖ مَا هٰذَآ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ ۙ يُرِيْدُ

جو کافر ہو گئے تھے اُنکے سرداروں نے کہا کہ یہ (کچھ بھی) نہیں ہے مگر تم ہی جیسا ایک آدمی چاہتا

اَنْ يَّتَفَضَّلَ عَلَيْكُمْ ؕ وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ لَاَنْزَلَ مَلٰٓئِكَةً ۚ

ہے کہ تم سے افضل ہو جائے اور اگر اللہ چاہتا تو فرشتے اُتارتا

مَّا سَمِعْنَا بِهٰذَا فِيْٓ اٰبَآئِنَا الْاَوَّلِيْنَ ○ اِنْ هُوَ اِلَّا رَجُلٌ

ہمنے تو اپنے باپ داداؤں میں پہلے ایسی بات سُنی نہیں یہ کچھ نہیں ہے مگر ایک مرد

بِهٖ جِنَّةٌ فَتَرَبَّصُوْا بِهٖ حَتّٰى حِيْنٍ ○ قَالَ رَبِّ انْصُرْنِيْ بِمَا

جسکو جنون ہو گیا ہے پس تم (بھی) اسکے بارے میں کچھ انتظار کرو (نوحؑ نے) عرض کی اے میرے پروردگار جیسا انہوں نے

كَذَّبُوْنِ ○ فَاَوْحَيْنَآ اِلَيْهِ اَنِ اصْنَعِ الْفُلْكَ بِاَعْيُنِنَا وَ

مجھکو جھٹلایا تو (بھی) میری مدد کر پس ہمنے اُنکی طرف وحی کی کہ تم کشتی ہمارے سامنے اور ہماری وحی کے موافق تیار کرو

وَحْيِنَا فَاِذَا جَآءَ اَمْرُنَا وَفَارَ التَّنُّوْرُ ۙ فَاسْلُكْ

پھر جسوقت ہمارا حکم پہنچے اور تنور سے فوارہ نکلے اُسوقت ہر جانور کا جوڑا اس کشتی میں

۱؎ وَعَلَيْهَا وَعَلَى الْفُلْكِ تُحْمَلُوْنَ ۔ یعنی خشکی اور تری میں یکساں اونٹ خشکی کا جہاز مشہور ہے ۔ ۲؎ فَاِذَا جَآءَ اَمْرُنَا وَفَارَ [illegible]

فِيهَا مِن كُلٍّ زَوْجَيْنِ اثْنَيْنِ وَأَهْلَكَ إِلَّا مَن سَبَقَ
داخل کرونیا اور اپنے گھروالوں کو (بٹھالینا) سوائے اسکے جسکی بابت پہلے ہی بات

عَلَيْهِ الْقَوْلُ مِنْهُمْ ۖ وَلَا تُخَاطِبْنِي فِي الَّذِينَ ظَلَمُوا ۖ
طے ہوچکی ہے اور جو نافرمان ہوگئے ہیں اُنکے بارے میں مجھسے خطاب نہ کرنا

إِنَّهُم مُّغْرَقُونَ ۝ فَإِذَا اسْتَوَيْتَ أَنتَ وَمَن مَّعَكَ
وہ ضرور ڈبو دیے جائینگے پھر جسوقت تم اور جو تمہارے ساتھ ہیں کشتی میں

عَلَى الْفُلْكِ فَقُلِ الْحَمْدُ لِلَّهِ الَّذِي نَجَّانَا مِنَ الْقَوْمِ
ہو بیٹھو تو یہ کہنا کہ سب تعریف اُسی اللہ کے لیے ہے جسنے ہمکو نافرمان لوگوں سے

الظَّالِمِينَ ۝ وَقُل رَّبِّ أَنزِلْنِي مُنزَلًا مُّبَارَكًا وَأَنتَ
نجات دی اور یہ عرض کرنا کہ اے میرے پروردگار مجھے برکت کی جگہ اُتاریو اور تو ہی

خَيْرُ الْمُنزِلِينَ ۝ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَاتٍ وَإِن كُنَّا
سب اچھا اُتارنیوالا ہے بیشک اِس میں نشانیاں ہیں اور ضرور ہم ہی آزمائش

لَمُبْتَلِينَ ۝ ثُمَّ أَنشَأْنَا مِن بَعْدِهِمْ قَرْنًا آخَرِينَ ۝
کرنیوالے ہیں پھر اُنکے بعد ہمنے اور زمانہ کے لوگ نئے سرے سے پیدا کردیے پس

فَأَرْسَلْنَا فِيهِمْ رَسُولًا مِّنْهُمْ أَنِ اعْبُدُوا اللَّهَ مَا لَكُم مِّنْ
اُن میں ایک رسول اس حکم کے ساتھ بھیجا کہ تم اللہ کی عبادت کرو جسکے سوا تمہارا کوئی اور

إِلَٰهٍ غَيْرُهُ ۚ أَفَلَا تَتَّقُونَ ۝ وَقَالَ الْمَلَأُ مِن قَوْمِهِ الَّذِينَ ع ۲
معبود نہیں ہے کیا تم ڈرتے نہیں؟ اور اُنکی قوم میں سے وہ سردار جو کافر ہوگئے تھے

كَفَرُوا وَكَذَّبُوا بِلِقَاءِ الْآخِرَةِ وَأَتْرَفْنَاهُمْ فِي الْحَيَاةِ
اور آخرت کے آنیکو جھٹلایا کرتے تھے اور ہمنے اُنکو زندگانی دنیا کی نعمتیں دے رکھی تھیں

الدُّنْيَا مَا هَٰذَا إِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ يَأْكُلُ مِمَّا
کہنے لگے کہ یہ تو تم ہی جیسا ایک آدمی ہے جو کچھ تم کھاتے ہو اُسی میں سے

نے اُنکو محفوظ رکھا ہے کہ تم پر ظلم کرے مگر اس سے امان نہیں دی کہ تمہارا امتحان لے اور آزمائش کرے چنانچہ خود فرماتا ہے اِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَاتٍ وَإِن كُنَّا لَمُبْتَلِينَ ۝

تَأْكُلُونَ مِنْهُ وَيَشْرَبُ مِمَّا تَشْرَبُونَ ۝ وَلَئِنْ أَطَعْتُم

یہ کھاتا ہے اور جو کچھ تم پیتے ہو اُسی میں سے یہ پیتا ہے اور اگر تم اپنے ہی جیسے آدمی

بَشَرًا مِّثْلَكُمْ إِنَّكُمْ إِذًا لَّخَاسِرُونَ ۝ أَيَعِدُكُمْ أَنَّكُمْ

کی اطاعت کرنے لگو گے تو اُس صورت میں تم بھی ضرور نقصان اٹھانیوالے ہو جاؤ گے۔ کیا وہ تمہیں اس بات

إِذَا مِتُّمْ وَكُنتُمْ تُرَابًا وَعِظَامًا أَنَّكُم مُّخْرَجُونَ ۝

ڈراتا ہے کہ جب تم مر جاؤ گے اور مٹی اور ہڈیاں ہو جاؤ گے تو تم پھر (قبروں سے) نکالے جاؤ گے؟

هَيْهَاتَ هَيْهَاتَ لِمَا تُوعَدُونَ ۝ إِنْ هِيَ إِلَّا حَيَاتُنَا

جس بات سے تمکو ڈرایا جاتا ہے وہ بہت ہی بعید (از عقل) ہے جو کچھ بھی ہے یہی دنیا کی زندگانی

الدُّنْيَا نَمُوتُ وَنَحْيَا وَمَا نَحْنُ بِمَبْعُوثِينَ ۝ إِنْ هُوَ إِلَّا

ہے جہاں ہم مرتے ہیں اور جیتے ہیں اور ہم مبعوث نہیں کیے جائینگے یہ کچھ اور نہیں ہے مگر

رَجُلٌ افْتَرَىٰ عَلَى اللَّهِ كَذِبًا وَمَا نَحْنُ لَهُ بِمُؤْمِنِينَ ۝ قَالَ

ایسا شخص جسنے اللہ پر جھوٹا بہتان باندھا ہے اور ہم اسپر ایمان لانیوالے نہیں ہیں۔ (اُس رسول نے) عرض

رَبِّ انصُرْنِي بِمَا كَذَّبُونِ ۝ قَالَ عَمَّا قَلِيلٍ لَّيُصْبِحُنَّ

کی اے میرے پروردگار بسبب اِسکے کہ انہوں نے مجھے جھٹلایا تو میری مدد کر۔ خدا نے فرمایا کہ عنقریب یہ ندامت اٹھانیوالے

نَادِمِينَ ۝ فَأَخَذَتْهُمُ الصَّيْحَةُ بِالْحَقِّ فَجَعَلْنَاهُمْ غُثَاءً ۚ

ہو جائینگے پھر اُنکو ایک حقیقی چیخ نے آ لیا پھر ہمنے اُنکو خس و خاشاک کر دیا

فَبُعْدًا لِّلْقَوْمِ الظَّالِمِينَ ۝ ثُمَّ أَنشَأْنَا مِن بَعْدِهِمْ قُرُونًا

پس نافرمان لوگوں کے لیے دوری ہو پھر ہمنے اُنکے بعد اور زمانہ کے لوگ نئے سرے سے

آخَرِينَ ۝ مَا تَسْبِقُ مِنْ أُمَّةٍ أَجَلَهَا وَمَا يَسْتَأْخِرُونَ ۝

بنا دیے کوئی گروہ نہ اپنے مقررہ وقت سے آگے بڑھ سکتا ہے اور نہ وہ پیچھے رہ سکتے ہیں

ثُمَّ أَرْسَلْنَا رُسُلَنَا تَتْرَا ۖ كُلَّ مَا جَاءَ أُمَّةً رَّسُولُهَا

پھر ہمنے اپنے رسول لگاتار بھیجے جب کسی اُمت کا رسول اُسکے پاس آیا

كَذَّبُوهُ فَأَتْبَعْنَا بَعْضَهُم بَعْضًا وَجَعَلْنَٰهُمْ أَحَادِيثَ

انہوں نے اسی کو جھٹلایا پس ہم نے بھی ایک کو دوسرے کے قدم بقدم کر دیا اور انکو قصہ کہانی بنا دیا پس ان لوگوں کے لیے

فَبُعْدًا لِّقَوْمٍ لَّا يُؤْمِنُونَ ۝ ثُمَّ أَرْسَلْنَا مُوسَىٰ وَأَخَاهُ

جو ایمان نہیں لاتے ہلاکت ہو پھر ہم نے موسیٰ اور انکے بھائی ہارون

هَٰرُونَ بِـَٔايَٰتِنَا وَسُلْطَٰنٍ مُّبِينٍ ۝ إِلَىٰ فِرْعَوْنَ وَ

کو اپنی نشانیوں کے اور کھلے غلبہ کے ساتھ فرعون اور اسکے سرداروں کی طرف بھیجا پس

مَلَإِيْهِۦ فَٱسْتَكْبَرُوا۟ وَكَانُوا۟ قَوْمًا عَالِينَ ۝ فَقَالُوٓا۟

انہوں نے تکبر کیا اور وہ تھے ہی متکبر اور وہ کہنے لگے کہ

أَنُؤْمِنُ لِبَشَرَيْنِ مِثْلِنَا وَقَوْمُهُمَا لَنَا عَٰبِدُونَ ۝

کیا ہم اپنے ہی جیسے دو آدمیوں پر ایمان لے آئیں حالانکہ ان دونوں کی قوم ہمارے ماتحت ہے!

فَكَذَّبُوهُمَا فَكَانُوا۟ مِنَ ٱلْمُهْلَكِينَ ۝ وَلَقَدْ ءَاتَيْنَا مُوسَى

پس انہوں نے ان دونوں کو جھٹلایا پس ہلاک ہو گئے اور ضرور ہم نے موسیٰ کو کتاب عنایت

ٱلْكِتَٰبَ لَعَلَّهُمْ يَهْتَدُونَ ۝ وَجَعَلْنَا ٱبْنَ مَرْيَمَ وَأُمَّهُۥٓ

کی تاکہ وہ لوگ ہدایت پائیں اور ہم نے مریم کے بیٹے اور اسکی ماں کو ایک

ءَايَةً وَءَاوَيْنَٰهُمَآ إِلَىٰ رَبْوَةٍ ذَاتِ قَرَارٍ وَمَعِينٍ ۝ يَٰٓأَيُّهَا ع ١٨ ٣

نشانی مقرر کیا اور ان دونوں کو ایک اونچے ٹیلے پر جو ٹھہرنے کی جگہ تھی اور جس میں پانی تھا کے پاس جگہ دی اے پیغمبرو!

ٱلرُّسُلُ كُلُوا۟ مِنَ ٱلطَّيِّبَٰتِ وَٱعْمَلُوا۟ صَٰلِحًا ۖ إِنِّى بِمَا

تم پاک چیزوں میں سے کھاؤ اور نیکی کرتے رہو بیشک جو کچھ تم کرتے ہو میں

تَعْمَلُونَ عَلِيمٌ ۝ وَإِنَّ هَٰذِهِۦٓ أُمَّتُكُمْ أُمَّةً وَٰحِدَةً

اس کو خوب جاننے والا ہوں اور تمہارا یہ گروہ حقیقتاً ایک ہی گروہ ہے اور میں تمہارا پروردگار

وَأَنَا۠ رَبُّكُمْ فَٱتَّقُونِ ۝ فَتَقَطَّعُوٓا۟ أَمْرَهُم بَيْنَهُمْ

ہوں پس مجھ ہی سے ڈرو پھر (امت کے لوگوں نے) اپنے معاملہ (دین) کو آپس میں ٹکڑے ٹکڑے کر

منزل ٤

زُبُرًا ؕ كُلُّ حِزْبٍۭ بِمَا لَدَيْهِمْ فَرِحُوْنَ ۝ فَذَرْهُمْ فِيْ
کر ڈالا ہر فرقے کے لوگ جو کچھ انکے پاس ہے اسی سے خوش ہو رہے ہیں پس تم ایک زمانہ تک انکو انکی
غَمْرَتِهِمْ حَتّٰى حِيْنٍ ۝ اَيَحْسَبُوْنَ اَنَّمَا نُمِدُّهُمْ بِهٖ مِنْ
کی جہالت میں رہنے دو کیا یہ گمان کرتے ہیں کہ ہم جو انکی مدد مال سے اور بیٹوں
مَّالٍ وَّبَنِيْنَ ۝ نُسَارِعُ لَهُمْ فِي الْخَيْرٰتِ ؕ بَلْ
سے کر رہے ہیں تو یہ کچھ انکے لیے خوبیوں کی جلدی کر رہے ہیں؟ بلکہ وہ
لَّا يَشْعُرُوْنَ ۝ اِنَّ الَّذِيْنَ هُمْ مِّنْ خَشْيَةِ رَبِّهِمْ
شعور ہی نہیں رکھتے بالتحقیق وہ لوگ جو اپنے پروردگار سے
مُّشْفِقُوْنَ ۝ وَالَّذِيْنَ هُمْ بِاٰيٰتِ رَبِّهِمْ يُؤْمِنُوْنَ ۝
ڈرنیوالے ہیں اور وہ جو اپنے پروردگار کی نشانیوں پر ایمان رکھتے ہیں
وَالَّذِيْنَ هُمْ بِرَبِّهِمْ لَا يُشْرِكُوْنَ ۝ وَالَّذِيْنَ يُؤْتُوْنَ مَآ
اور وہ لوگ جو اپنے پروردگار کا کسی کو شریک نہیں کرتے اور وہ لوگ جو دیتے ہیں جو کچھ بھی دیتے
اٰتَوْا وَّقُلُوْبُهُمْ وَجِلَةٌ اَنَّهُمْ اِلٰى رَبِّهِمْ رٰجِعُوْنَ ۝
ہیں اس [illegible] کہ انکے دل اس سے ڈرے ہوئے ہوتے ہیں کہ ہم اپنے پروردگار کی حضور میں لوٹ کر جانے والے ہیں
اُولٰٓئِكَ يُسٰرِعُوْنَ فِي الْخَيْرٰتِ وَهُمْ لَهَا سٰبِقُوْنَ ۝
وہی نیکیوں میں جلدی کیا کرتے ہیں اور وہی اُن میں سب سے بڑھ جانیوالے ہیں
وَلَا نُكَلِّفُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَا وَلَدَيْنَا كِتٰبٌ يَّنْطِقُ
اور ہم کسی نفس کو اسکی قوت (برداشت) سے زیادہ تکلیف نہیں دیتے اور ہمارے پاس ایک نوشتہ ہے جو ٹھیک ٹھیک
بِالْحَقِّ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ۝ بَلْ قُلُوْبُهُمْ فِيْ غَمْرَةٍ مِّنْ
بولتا ہے اور ان لوگوں پر کوئی ظلم نہ کیا جائیگا لیکن انکے دل اسکی طرف سے غفلت میں ہیں
هٰذَا وَلَهُمْ اَعْمَالٌ مِّنْ دُوْنِ ذٰلِكَ هُمْ لَهَا عٰمِلُوْنَ ۝
اور انکے اعمال بد اسکے سوا کچھ اور بھی ہیں جنکو وہ (عادتاً) کرنیوالے ہیں

حَتّٰۤى اِذَاۤ اَخَذْنَا مُتْرَفِيْهِمْ بِالْعَذَابِ اِذَا هُمْ
یہاں تک کہ جب ہم اُنکے مالداروں کو عذاب میں گرفتار کرتے ہیں تو وہ یکایک واویلا کرنے لگتے
يَجْـَٔرُوْنَ ۝ لَا تَجْـَٔرُوا الْيَوْمَ اِنَّكُمْ مِّنَّا لَا تُنْصَرُوْنَ ۝
ہیں (ہماری طرف سے کہا جاتا ہے کہ) آج کے دن واویلا مت مچاؤ تمکو ہماری طرف سے کوئی مدد نہ دیجائیگی
قَدْ كَانَتْ اٰيٰتِىْ تُتْلٰى عَلَيْكُمْ فَكُنْتُمْ عَلٰۤى اَعْقَابِكُمْ
تم پر میری آیتیں ضرور پڑھی جایا کرتی تھیں پس تم اپنے پچھلے پاؤں پلٹ جایا کرتے تھے اور تکبر کرکے اس
تَنْكِصُوْنَ ۝ مُسْتَكْبِرِيْنَ بِهٖ سٰمِرًا تَهْجُرُوْنَ ۝
(ہمارے رسول) کو مثل کہانی کہنے والے کے چھوڑ بیٹھا کرتے تھے
اَفَلَمْ يَدَّبَّرُوا الْقَوْلَ اَمْ جَآءَهُمْ مَّا لَمْ يَاْتِ اٰبَآءَهُمُ
کیا انہوں نے کلام خدا میں غور نہیں کیا یا اُنکے پاس اب کچھ آگیا ہے جیسا اُنکے پہلے باپ داداؤں کے پاس
الْاَوَّلِيْنَ ۝ اَمْ لَمْ يَعْرِفُوْا رَسُوْلَهُمْ فَهُمْ لَهٗ مُنْكِرُوْنَ ۝
نہیں آیا تھا؟ یا اُنہوں نے اپنے رسول کو نہیں پہچانا کہ وہ اُسکے منکر ہو گئے؟
اَمْ يَقُوْلُوْنَ بِهٖ جِنَّةٌ ؕ بَلْ جَآءَهُمْ بِالْحَقِّ وَاَكْثَرُهُمْ لِلْحَقِّ
یا وہ یہ کہتے ہیں کہ اُسے جنون ہے؟ بلکہ وہ تو اُنکے پاس حق لیکر آیا ہے حالانکہ ان میں سے اکثر
كٰرِهُوْنَ ۝ وَلَوِ اتَّبَعَ الْحَقُّ اَهْوَآءَهُمْ لَفَسَدَتِ السَّمٰوٰتُ
حق سے نفرت کرنے والے ہیں اور اگر حق اُنکی خواہشوں کی پیروی کرنے لگے تو آسمانوں کا اور زمین کا اور
وَالْاَرْضُ وَمَنْ فِيْهِنَّ ؕ بَلْ اَتَيْنٰهُمْ بِذِكْرِهِمْ فَهُمْ عَنْ ذِكْرِهِمْ
جو کچھ اُن میں ہے سب کا ستیاناس ہی ہو جائے بلکہ ہمنے تو اُنکی نصیحت کی چیز اُنکو دی ہے پھر وہ اپنی
مُّعْرِضُوْنَ ؕ اَمْ تَسْـَٔلُهُمْ خَرْجًا فَخَرَاجُ رَبِّكَ خَيْرٌ ۖ وَّهُوَ خَيْرُ
نصیحت کی چیز سے ہی روگردان ہو رہے ہیں۔ کیا تم اُنسے کچھ مزدوری مانگتے ہو تو تمہارے پروردگار کی مزدوری سب سے اچھی ہے اور وہ سب سے
الرّٰزِقِيْنَ ۝ وَاِنَّكَ لَتَدْعُوْهُمْ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ۝
اچھا رزق دینے والا ہے اور تم ضرور اُنکو راہِ راست کی طرف بلاتے ہو

وَإِنَّ الَّذِينَ لَا يُؤْمِنُونَ بِالْآخِرَةِ عَنِ الصِّرَاطِ

اور ضرور وہ لوگ جو آخرت پر ایمان نہیں رکھتے راہِ راست سے ہٹ جانیوالے

ربع لَنَاكِبُونَ ۝ وَلَوْ رَحِمْنَاهُمْ وَكَشَفْنَا مَا بِهِم مِّن ضُرٍّ لَّلَجُّوا

ہیں اور اگر ہم اُنپر رحم کریں اور جو تکلیف انکو ہو اُسے رفع کر دیں تو وہ اپنی

فِي طُغْيَانِهِمْ يَعْمَهُونَ ۝ وَلَقَدْ أَخَذْنَاهُم بِالْعَذَابِ

سرکشی میں اور بڑھ جائیں اور سرگرداں ہوں اور ہمنے اُنکو عذاب میں گرفتار کیا تو اُنہوں نے

فَمَا اسْتَكَانُوا لِرَبِّهِمْ وَمَا يَتَضَرَّعُونَ ۝ حَتَّىٰ إِذَا فَتَحْنَا

اپنے پروردگار کے سامنے نہ اظہارِ عجز کیا اور نہ گڑگڑائے یہاں تک کہ جب ہمنے اُنپر

ع ٤ عَلَيْهِم بَابًا ذَا عَذَابٍ شَدِيدٍ إِذَا هُمْ فِيهِ مُبْلِسُونَ ۝

سخت عذاب کا دروازہ کھولدیا تو اُس میں وہ یکایک ناامید ہونے لگے

وَهُوَ الَّذِي أَنشَأَ لَكُمُ السَّمْعَ وَالْأَبْصَارَ وَالْأَفْئِدَةَ

اور وہ (خدا) وہی ہے جسنے تمہارے لیے کان اور آنکھیں اور دل پیدا کر دیے تم کس قدر

قَلِيلًا مَّا تَشْكُرُونَ ۝ وَهُوَ الَّذِي ذَرَأَكُمْ فِي الْأَرْضِ

کم شکر ادا کرتے ہو! اور وہ وہی ہے جسنے تمکو زمین میں پھیلا دیا اور اُسی کی حضور

وَإِلَيْهِ تُحْشَرُونَ ۝ وَهُوَ الَّذِي يُحْيِي وَيُمِيتُ وَلَهُ

تم جمع کیے جاؤگے اور وہ وہی ہے جو تمہیں جلاتا اور مارتا ہے اور اُسی کے سبب سے

اخْتِلَافُ اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ ۚ أَفَلَا تَعْقِلُونَ ۝ بَلْ قَالُوا

رات کا اور دن کا ادلنا بدلنا ہے کیا تم اتنا بھی نہیں سمجھتے؟ بلکہ انہوں نے تو ویسی ہی

مِثْلَ مَا قَالَ الْأَوَّلُونَ ۝ قَالُوا أَإِذَا مِتْنَا وَكُنَّا تُرَابًا

بات کہدی جیسی پہلے لوگ کہا کرتے تھے وہ کہنے لگے کہ کیا جب ہم مرجائینگے اور مٹی اور ہڈیاں

وَعِظَامًا أَإِنَّا لَمَبْعُوثُونَ ۝ لَقَدْ وُعِدْنَا نَحْنُ وَآبَاؤُنَا

ہوجائینگے تو کیا ہم پھر بھی اُٹھائے جائینگے؟ یہ وعدہ تو ہمسے اور ہمارے باپ دادا سے

هٰذَا مِنْ قَبْلُ إِنْ هٰذَآ إِلَّآ أَسَاطِيرُ الْأَوَّلِينَ ۝ قُلْ

پہلے ہی سے ہوتا چلا آیا ہے یہ کچھ بھی نہیں ہے سوا اسکے کہ پہلے لوگوں کے ڈھکوسلے ہیں تم یہ کہدو کہ

لِّمَنِ الْأَرْضُ وَمَنْ فِيهَآ إِنْ كُنتُمْ تَعْلَمُونَ ۝ سَيَقُولُونَ

یہ زمین کسکی ہے اور جو اس زمین میں ہیں (وہ کسکے ہیں) اگر تم جانتے ہو (تو بتلاؤ) قریب ہی کہ وہ یہ کہینگے

لِلّٰهِ ۚ قُلْ أَفَلَا تَذَكَّرُونَ ۝ قُلْ مَن رَّبُّ السَّمٰوٰتِ

اللہ ہی کے ہیں تم کہدو پھر کیا تم غور نہیں کرتے؟ تم کہو کہ ساتوں آسمان اور عرش عظیم

السَّبْعِ وَرَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيمِ ۝ سَيَقُولُونَ لِلّٰهِ ۚ قُلْ

کا پروردگار کون ہے؟ قریب ہے کہ وہ یہ کہینگے اللہ ہی کے ہیں تم کہدو کہ

أَفَلَا تَتَّقُونَ ۝ قُلْ مَنۢ بِيَدِهِ مَلَكُوتُ كُلِّ شَيْءٍ وَهُوَ

پھر کیا تم اس سے ڈرتے نہیں؟ تم یہ کہو کہ اگر تم جانتے ہو (تو بتلاؤ کہ) وہ کون ہے جسکے ہاتھ ہر چیز کا اختیار ہے

يُجِيرُ وَلَا يُجَارُ عَلَيْهِ إِن كُنتُمْ تَعْلَمُونَ ۝ سَيَقُولُونَ

اور وہ جسکو چاہتا ہے پناہ دیتا ہے اور اسکے برخلاف (کسی کو) پناہ نہیں دیجاتی؟ قریب ہے کہ وہ یہ کہینگے کہ اللہ

لِلّٰهِ ۚ قُلْ فَأَنَّىٰ تُسْحَرُونَ ۝ بَلْ أَتَيْنٰهُم بِالْحَقِّ وَإِنَّهُمْ

کے ہاتھ ہے تم کہدو کہ پھر تم کہاں جادو میں گھرے چلے جاتے ہو؟ بلکہ ہم تو انکے پاس حق لائے اور وہ ضرور

لَكٰذِبُونَ ۝ مَا اتَّخَذَ اللّٰهُ مِن وَلَدٍ وَمَا كَانَ مَعَهُۥ

جھوٹے ہیں نہ تو اللہ نے کوئی بیٹا بنایا اور نہ اسکے ساتھ کوئی اور خدا

مِنْ إِلٰهٍ ۚ إِذًا لَّذَهَبَ كُلُّ إِلٰهٍۭ بِمَا خَلَقَ وَلَعَلَا بَعْضُهُمْ

ہے کہ اس صورت میں ہر ہر خدا جو کچھ پیدا کرتا اسی کو لیجاتا اور ان میں سے ایک دوسرے

عَلٰى بَعْضٍ ۚ سُبْحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا يَصِفُونَ ۝ عٰلِمِ الْغَيْبِ

پر غالب آجاتا (غرض) جو کچھ بھی یہ بیان کرتے ہیں اللہ اس سے منزہ اور پاک ہے (وہ) چھپے اور کھلے کا جاننے والا ہے

وَالشَّهٰدَةِ فَتَعٰلٰى عَمَّا يُشْرِكُونَ ۝ قُلْ رَّبِّ إِمَّا تُرِيَنِّي ع ۵ ۱۵ ۵

اور جن چیزوں کو یہ اسکا شریک ٹھہراتے ہیں ان سب سے منزہ اور بالاتر ہے (اے رسول) تم یہ کہو کہ اے میرے پروردگار جب

مَا يُوعَدُونَ ۝ رَبِّ فَلَا تَجْعَلْنِي فِي الْقَوْمِ الظّٰلِمِينَ ۝

عذاب کا ان سے وعدہ کیا جاتا ہے اگر تو کبھی وہ مجھے بھی دکھائے تو اے میرے پروردگار تو مجھے ان نافرمان لوگوں کے پاس نہ رکھیو

وَإِنَّا عَلٰى أَنْ نُرِيَكَ مَا نَعِدُهُمْ لَقٰدِرُونَ ۝ اِدْفَعْ

اور ہم ضرور اس بات پر قادر ہیں کہ جس کا ان لوگوں سے وعدہ کرتے ہیں تمہیں دکھلا دیں (یعنی تمہارے سامنے بھی وہ) نازل کر دیں

بِالَّتِي هِيَ أَحْسَنُ السَّيِّئَةَ ۚ نَحْنُ أَعْلَمُ بِمَا يَصِفُونَ ۝

(اے رسول) تم بدی کو اس خیر سے دفع کرو جو بہت ہی اچھی ہو جو کچھ یہ بیان کرتے ہیں ہم اس سے خوب واقف ہیں

وَقُلْ رَّبِّ أَعُوذُ بِكَ مِنْ هَمَزٰتِ الشَّيٰطِينِ ۝ وَ

اور تم یہ دعا کرو کہ اے میرے پروردگار میں شیطان کے وسوسوں سے تیری پناہ مانگتا ہوں اور اے میرے پروردگار

أَعُوذُ بِكَ رَبِّ أَنْ يَحْضُرُونِ ۝ حَتّٰى إِذَا جَاءَ

میں اس بات سے بھی تیری پناہ مانگتا ہوں کہ وہ میرے پاس آ کر بھٹکیں (کافروں کی حالت یہی رہیگی) یہاں تک کہ جب ان میں سے

أَحَدَهُمُ الْمَوْتُ قَالَ رَبِّ ارْجِعُونِ ۝ لَعَلِّي أَعْمَلُ

کسی کو موت آئیگی تو وہ عرض کریگا کہ اے میرے پروردگار اب مجھے لوٹا دے تاکہ جو کچھ میں چھوڑ آیا ہوں اس میں

صَالِحًا فِيمَا تَرَكْتُ ۚ كَلَّا ۚ إِنَّهَا كَلِمَةٌ هُوَ قَائِلُهَا ۖ وَمِنْ

نیک کام کروں (کہا جائیگا کہ) ایسا نہیں ہو سکتا یہ تو ایک بات ہے جو یہ بنا رہا ہے اور اُنکے آگے

وَرَائِهِمْ بَرْزَخٌ إِلٰى يَوْمِ يُبْعَثُونَ ۝ فَإِذَا نُفِخَ فِي الصُّورِ

اُس دن تک کے لیے جس دن وہ مبعوث کیے جاینگے (عالم) برزخ موجود ہے پھر جس وقت صور پھونکا جائیگا

فَلَا أَنْسَابَ بَيْنَهُمْ يَوْمَئِذٍ وَلَا يَتَسَاءَلُونَ ۝ فَمَنْ ثَقُلَتْ

تو اُس دن نہ آپس کے حسب و نسب باقی رہینگے اور نہ باہم پوچھ گچھ کرینگے بس جسکے پلے بھاری

مَوَازِينُهُ فَأُولٰئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُونَ ۝ وَمَنْ خَفَّتْ

ہو گئے وہ تو فلاح پانے والے ہوئے اور جسکے پلے ہلکے رہے پس

مَوَازِينُهُ فَأُولٰئِكَ الَّذِينَ خَسِرُوا أَنْفُسَهُمْ فِي جَهَنَّمَ

وہ وہی ہیں جنہوں نے اپنے آپ کو نقصان پہنچایا (اور) ہمیشہ جہنم میں رہنے والے

بعضہم علی بعض یتسآءلون (اور ایک دوسرے کے پاس آکے حال پوچھنا آئیگا) ایسے کہ ایک میں تو صور پھونکے جانیکے وقت کا ذکر ہے اور دوسرے میں

خٰلِدُوْنَ ۝ تَلْفَحُ وُجُوْهَهُمُ النَّارُ وَهُمْ فِيْهَا

ہوئے ۔ آگ اُنکے چہروں کو جھلس دیگی اور وہ اُس میں بدصورت

كٰلِحُوْنَ ۝ اَلَمْ تَكُنْ اٰيٰتِيْ تُتْلٰى عَلَيْكُمْ فَكُنْتُمْ بِهَا

ہوجائینگے کیا میری آیتیں تم پر نہیں پڑھی جاتی تھیں۔ پھر تم انکو جھٹلایا کرتے

تُكَذِّبُوْنَ ۝ قَالُوْا رَبَّنَا غَلَبَتْ عَلَيْنَا شِقْوَتُنَا وَكُنَّا

تھے؟ عرض کرینگے کہ اے ہمارے پروردگار ہماری کم بختی ہم پر غالب آگئی تھی اور ہم گمراہ لوگ

قَوْمًا ضَآلِّيْنَ ۝ رَبَّنَآ اَخْرِجْنَا مِنْهَا فَاِنْ عُدْنَا فَاِنَّا

ہوگئے تھے اے ہمارے پروردگار اس میں سے ہمکو نکال لے پھر اگر ہم ایسا کریں تو ہم ضرور

ظٰلِمُوْنَ ۝ قَالَ اخْسَـُٔوْا فِيْهَا وَلَا تُكَلِّمُوْنِ ۝ اِنَّهٗ كَانَ

ظالم ہونگے (خدا) فرمائیگا اسی میں ذلیل پڑے رہو اور مجھ سے بات نہ کرو بیشک میرے بندوں میں سے

فَرِيْقٌ مِّنْ عِبَادِيْ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَآ اٰمَنَّا فَاغْفِرْ لَنَا

ایک گروہ ایسا بھی تھا جو یہ کہا کرتے تھے کہ اے ہمارے پروردگار ہم ایمان لائے پس تو ہمارے گناہ بخش دے

وَارْحَمْنَا وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ ۝ فَاتَّخَذْتُمُوْهُمْ سِخْرِيًّا

اور ہم پر رحم کر اور تو سب سے اچھا رحم کرنیوالا ہے پس تم اُنکا مذاق بنایا کرتے تھے

حَتّٰٓى اَنْسَوْكُمْ ذِكْرِيْ وَكُنْتُمْ مِّنْهُمْ تَضْحَكُوْنَ ۝ اِنِّيْ

یہاں تک کہ اُنہوں نے تمکو میری یاد بھلا دی تھی اور تم اُنسے ٹھٹھا ہی کرتے رہتے تھے آج جیسا کہ

جَزَيْتُهُمُ الْيَوْمَ بِمَا صَبَرُوْٓا اَنَّهُمْ هُمُ الْفَآئِزُوْنَ ۝

اُنہوں نے صبر کیا تھا انکو میں نے جزا دی کہ وہ کامیاب ہیں

قٰلَ كَمْ لَبِثْتُمْ فِي الْاَرْضِ عَدَدَ سِنِيْنَ ۝ قَالُوْا لَبِثْنَا

(پھر) دریافت فرمائیگا کہ تم زمین میں کتنے برس رہے ہوگے؟ عرض کرینگے کہ ایک دن

يَوْمًا اَوْ بَعْضَ يَوْمٍ فَسْـَٔلِ الْعَآدِّيْنَ ۝ قٰلَ اِنْ لَّبِثْتُمْ

یا دن کا کچھ حصہ پس تو گننے والوں سے پوچھ لے فرمائیگا کہ ہاں تم تھوڑے ہی

إِلَّا قَلِيلًا لَّوْ أَنَّكُمْ كُنتُمْ تَعْلَمُونَ ○ أَفَحَسِبْتُمْ أَنَّمَا

رہے ہوگے کاش ہیں سمجھے ہوتے کیا تمنے یہ گمان کرلیا تھا کہ ہمنے

خَلَقْنَاكُمْ عَبَثًا وَأَنَّكُمْ إِلَيْنَا لَا تُرْجَعُونَ ○ فَتَعَالَى

تمکو بیفائدہ پیدا کیا - اور یہ کہ تم ہماری حضور میں پلٹ کر نہ آؤ گے پس خدا بادشاہ

اللَّهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ لَا إِلَٰهَ إِلَّا هُوَ رَبُّ الْعَرْشِ

برحق برتر ہے سوائے اسکے کوئی معبود نہیں وہی بڑے عرش کا مالک

الْكَرِيمِ ○ وَمَن يَدْعُ مَعَ اللَّهِ إِلَٰهًا آخَرَ لَا بُرْهَانَ

ہے اور جو اللہ کے ساتھ کسی اور معبود کو پکاریگا جسکے بارے میں اسکے پاس کوئی دلیل


لَهُ بِهِ فَإِنَّمَا حِسَابُهُ عِندَ رَبِّهِ إِنَّهُ لَا يُفْلِحُ الْكَافِرُونَ ○

نہیں تو سوائے اسکے نہیں ہو کہ اسکا حساب خدا کے پاس رہیگا یقیناً کافر فلاح نہ پاینگے

وَقُل رَّبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَأَنتَ خَيْرُ الرَّاحِمِينَ ○ ع ٦

اور تم یہ کہدو کہ اے میرے پروردگار تو بخشدے اور رحم کر اور تو سب سے بہتر رحم کرنیوالا ہے

سُورَةُ النُّورِ مَدَنِيَّةٌ وَهِيَ أَرْبَعٌ وَسِتُّونَ آيَةً



بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ ○

رحمن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

سُورَةٌ أَنزَلْنَاهَا وَفَرَضْنَاهَا وَأَنزَلْنَا فِيهَا آيَاتٍ

یہ ایک سورہ ہے جسکو ہمنے نازل کیا اور جسکو ہمنے فرض گردانا اور اس میں ہمنے کھلے کھلے

بَيِّنَاتٍ لَّعَلَّكُمْ تَذَكَّرُونَ ○ الزَّانِيَةُ وَالزَّانِي

احکام نازل کیے تاکہ تم یاد رکھو زنا کرنیوالی عورت اور زنا کرنیوالا مرد

فَاجْلِدُوا كُلَّ وَاحِدٍ مِّنْهُمَا مِائَةَ جَلْدَةٍ

ان میں سے ہرایک کو (سّو) سو کوڑے لگاؤ

وَلَا تَأْخُذْكُمْ بِهِمَا رَأْفَةٌ فِي دِينِ اللّٰهِ إِنْ كُنْتُمْ

اور اُن دونو کے بارے میں قانون خدا کے اجرا میں تمکو رحم نہ آجائے بشرطیکہ تم اللہ پر اور

تُؤْمِنُونَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ وَلْيَشْهَدْ عَذَابَهُمَا طَائِفَةٌ

قیامت کے دن پر ایمان رکھتے ہو اور یہ (بھی) ضرور ہے کہ انکی سزا کے وقت مومنوں کا

مِّنَ الْمُؤْمِنِينَ ۝ اَلزَّانِي لَا يَنْكِحُ إِلَّا زَانِيَةً أَوْ مُشْرِكَةً ز

ایک گروہ موجود ہو زناکرنیوالا مرد سوائے زناکرنیوالی عورت یا مشرک عورت کو اور کسی سے نکاح

وَالزَّانِيَةُ لَا يَنْكِحُهَا إِلَّا زَانٍ أَوْ مُشْرِكٌ وَحُرِّمَ ذٰلِكَ

نہ کرنے پائے اور زناکار عورت سے سوائے زناکار مرد کے یا مشرک کے اور کوئی نکاح نہ کرنے پائے اور یہ نکاح

عَلَى الْمُؤْمِنِينَ ۝ وَالَّذِينَ يَرْمُونَ الْمُحْصَنٰتِ ثُمَّ لَمْ يَأْتُوا

مومنوں پر حرام کیا گیا ہے اور جو لوگ شوہر والی عورتوں پر الزام لگائیں پھر چار گواہ پیش نہ کرسکیں

بِأَرْبَعَةِ شُهَدَاءَ فَاجْلِدُوهُمْ ثَمٰنِينَ جَلْدَةً وَّلَا

تو انکو (اسّی) اسّی کوڑے لگاؤ اور انکی

تَقْبَلُوا لَهُمْ شَهَادَةً أَبَدًا ۚ وَأُولٰئِكَ هُمُ

گواہی کبھی قبول نہ کرو اور وہ ضرور

الْفٰسِقُونَ ۝ إِلَّا الَّذِينَ تَابُوا مِنْ بَعْدِ ذٰلِكَ وَ

نافرمان ہیں سوائے انکے جو اسکے بعد توبہ کرلیں اور (خرابی کی)

أَصْلَحُوا ۚ فَإِنَّ اللّٰهَ غَفُورٌ رَّحِيمٌ ۝ وَالَّذِينَ يَرْمُونَ

اصلاح کرلیں تو اللہ بڑا بخشنے والا (اور) رحم کرنیوالا ہے اور جو لوگ اپنی ازواج پر

أَزْوَاجَهُمْ وَلَمْ يَكُنْ لَّهُمْ شُهَدَاءُ إِلَّا أَنْفُسُهُمْ فَشَهَادَةُ

اتہام لگائیں اور سوائے انکی ذات کے اور کوئی گواہ نہو تو انکی اکیلے کی گواہی

أَحَدِهِمْ أَرْبَعُ شَهٰدٰتٍ بِاللّٰهِ إِنَّهُ لَمِنَ الصّٰدِقِينَ ۝ وَ

یہ ہے کہ وہ چار مرتبہ خدا کا نام لیکر گواہی دے کہ میں سچا ہوں

وَالْخَامِسَةُ أَنَّ لَعْنَتَ اللّٰهِ عَلَيْهِ إِنْ كَانَ مِنَ

اور پانچویں مرتبہ یہ کہے کہ اگر میں جھوٹا ہوں تو مجھ پر خدا کی

الْكٰذِبِيْنَ ○ وَيَدْرَؤُا عَنْهَا الْعَذَابَ أَنْ تَشْهَدَ أَرْبَعَ

لعنت ہو اور اُس عورت سے سزا کو یہ بات ٹال دیگی کہ وہ چار مرتبہ خدا کا نام لیکر

شَهٰدٰتٍ بِاللّٰهِ إِنَّهُ لَمِنَ الْكٰذِبِيْنَ ○ وَالْخَامِسَةَ

یہ گواہی دے کہ وہ جھوٹا ہے اور پانچویں مرتبہ یہ کہے

أَنَّ غَضَبَ اللّٰهِ عَلَيْهَا إِنْ كَانَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ○ وَلَوْلَا

کہ اگر وہ سچا ہے تو مجھ پر خدا کا غضب (نازل) ہو اور اگر تمپر

فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهُ وَأَنَّ اللّٰهَ تَوَّابٌ

خدا کا فضل اور اُسکی رحمت نہوتی (تو یہ قاعدے کیونکر تعلیم کرتا) اور بیشک اللہ بڑا توبہ قبول کرنیوالا (اور)

حَكِيْمٌ ○ إِنَّ الَّذِيْنَ جَاءُوْ بِالْإِفْكِ عُصْبَةٌ مِّنْكُمْ ۚ

حکمت والا ہے بیشک جن لوگوں نے تہمت لگائی وہ تم ہی میں سے ایک گروہ ہے

ع ١٠

لَا تَحْسَبُوْهُ شَرًّا لَّكُمْ ۚ بَلْ هُوَ خَيْرٌ لَّكُمْ ۚ لِكُلِّ امْرِئٍ

اُسکو اپنے حق میں بُرا نہ سمجھو بلکہ وہ تمہارے لیے اچھا ہے۔ اُن میں سے ہر شخص کے لیے

مِّنْهُمْ مَّا اكْتَسَبَ مِنَ الْإِثْمِ ۚ وَالَّذِيْ تَوَلّٰى كِبْرَهُ مِنْهُمْ

جو گناہ (جس) وہ کریگا وہی ہے اور جو اُن میں سے گناہ کا بڑا حصہ لیگا اُسی کے لیے

لَهُ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ○ لَوْلَا إِذْ سَمِعْتُمُوْهُ ظَنَّ

بڑا عذاب ہے جسوقت کہ تمنے اسکو سُنا تھا تو مومن

الْمُؤْمِنُوْنَ وَالْمُؤْمِنٰتُ بِأَنْفُسِهِمْ خَيْرًا ۙ وَّقَالُوْا

مردوں اور مومن عورتوں نے نیک گمان کیوں نہ کیا اور یہ کیوں نہ کہاکہ

هٰذَا إِفْكٌ مُّبِيْنٌ ○ لَوْلَا جَاءُوْ عَلَيْهِ بِأَرْبَعَةِ شُهَدَاءَ ۚ

یہ صریح بہتان ہے وہ اس بات پر چار گواہ کیوں نہ لائے

فَإِذْ لَمْ يَأْتُوا بِالشُّهَدَاءِ فَأُولَٰئِكَ عِندَ اللَّهِ هُمُ

پس جب چار گواہ نہ لائے تو وہ اللہ کے نزدیک ضرور جھوٹے

الْكَاذِبُونَ ۝ وَلَوْلَا فَضْلُ اللَّهِ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهُ فِي

ہیں اور اگر دنیا اور آخرت میں تم پر خدا کا فضل اور اسکی رحمت نہ ہوتی

الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ لَمَسَّكُمْ فِي مَا أَفَضْتُمْ فِيهِ عَذَابٌ

تو جس بات کا تم نے چرچا کیا تھا اسکے سبب سے تم پر بڑا عذاب نازل

عَظِيمٌ ۝ إِذْ تَلَقَّوْنَهُ بِأَلْسِنَتِكُمْ وَتَقُولُونَ بِأَفْوَاهِكُم

ہوتا جبکہ تم اسکو ایک دوسرے کی زبان سے نقل کرتے تھے اور اپنے

مَّا لَيْسَ لَكُم بِهِ عِلْمٌ وَتَحْسَبُونَهُ هَيِّنًا وَهُوَ

منہ سے وہ کچھ کہتے تھے جسکا تمکو علم نہیں ہے اور اسکو خفیف سی بات سمجھتے تھے حالانکہ وہ اللہ

عِندَ اللَّهِ عَظِيمٌ ۝ وَلَوْلَا إِذْ سَمِعْتُمُوهُ قُلْتُم مَّا

کے نزدیک بڑی بات تھی اور جس وقت تم نے اسکو سنا تھا کیوں نہ کہا کہ ہمیں کیا پڑی ہے

يَكُونُ لَنَا أَن نَّتَكَلَّمَ بِهَٰذَا سُبْحَانَكَ هَٰذَا بُهْتَانٌ

کہ ہم اسکے بارے میں کلام کریں حاشا وکلا یہ تو بہت بڑا بہتان ہے

عَظِيمٌ ۝ يَعِظُكُمُ اللَّهُ أَن تَعُودُوا لِمِثْلِهِ أَبَدًا إِن

خدا تعالے تمکو نصیحت کرتا ہے کہ اگر تم مومن ہو تو پھر ایسا کبھی

كُنتُم مُّؤْمِنِينَ ۝ وَيُبَيِّنُ اللَّهُ لَكُمُ الْآيَاتِ وَاللَّهُ عَلِيمٌ

نہ کرنا اور اللہ تم سے اپنے احکام کو کھولکر بیان کرتا ہے اور اللہ بڑا جاننے والا (اور)

حَكِيمٌ ۝ إِنَّ الَّذِينَ يُحِبُّونَ أَن تَشِيعَ الْفَاحِشَةُ فِي

حکمت والا ہے یقیناً وہ لوگ جو اس بات کو دوست رکھتے ہیں کہ ایمان لانیوالوں میں بیحیائی کی باتیں

الَّذِينَ آمَنُوا لَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ

رائج ہوں انکے لیے دنیا میں (بھی) دردناک عذاب ہے اور آخرت میں (بھی)

وَاللّٰهُ يَعْلَمُ وَاَنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ○ وَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ

اور اللہ (اسکو) خوب جانتا ہے اور تم نہیں جانتے ہو اور اگر تم پر اللہ کا فضل اور اسکی رحمت نہوتی

وَرَحْمَتُهٗ وَاَنَّ اللّٰهَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ○ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

(تو وہ تم پر جلد عذاب نازل کرتا) اور بیشک اللہ بڑا مہربان (اور) رحم کرنیوالا ہے اے ایمان لانیوالو شیطان

لَا تَتَّبِعُوْا خُطُوٰتِ الشَّيْطٰنِ ۭ وَمَنْ يَّتَّبِعْ خُطُوٰتِ

کے قدم بقدم نہ چلو اور جو شخص شیطان کے قدم بقدم

الشَّيْطٰنِ فَاِنَّهٗ يَاْمُرُ بِالْفَحْشَاۗءِ وَالْمُنْكَرِ ۭ وَلَوْلَا

چلیگا تو وہ ضرور اسکو بیحیائی اور بدی کی باتوں کا حکم دیگا اور اگر تم پر اللہ کا

فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهٗ مَا زَكٰى مِنْكُمْ مِّنْ اَحَدٍ

فضل اور اسکی رحمت کی نظر نہوتی تو تم میں سے کوئی کبھی پاک ہی

اَبَدًا ۙ وَّلٰكِنَّ اللّٰهَ يُزَكِّيْ مَنْ يَّشَاۗءُ ۭ وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ○

نہوتا لیکن اللہ جسکو چاہتا ہے پاک کر دیتا ہے اور اللہ بڑا سننے والا (اور) جاننے والا ہے

وَلَا يَاْتَلِ اُولُوا الْفَضْلِ مِنْكُمْ وَالسَّعَةِ اَنْ يُّؤْتُوْٓا اُولِي

اور تم میں سے مالدار اور صاحب مقدور لوگ یہ قسم نہ کھا بیٹھیں کہ وہ رشتہ داروں کو

الْقُرْبٰى وَالْمَسٰكِيْنَ وَالْمُهٰجِرِيْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ږ وَلْيَعْفُوْا

اور مساکین کو اور راہ خدا میں ہجرت کرنیوالوں کو کچھ نہ دینگے اور انکو چاہیے کہ

وَلْيَصْفَحُوْا ۭ اَلَا تُحِبُّوْنَ اَنْ يَّغْفِرَ اللّٰهُ لَكُمْ ۭ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ

معاف کر دیں اور درگزر کریں آیا تم اسکو پسند نہیں کرتے کہ اللہ تعالے تمہارے گناہ بخشدے اور اللہ بڑا

رَّحِيْمٌ ○ اِنَّ الَّذِيْنَ يَرْمُوْنَ الْمُحْصَنٰتِ الْغٰفِلٰتِ

بخشنے والا (اور) رحم کرنیوالا ہے۔ بالتحقیق جو لوگ پاک دامن بیخبر ایماندار عورتوں پر عیب لگاتے ہیں

الْمُؤْمِنٰتِ لُعِنُوْا فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ۠ وَلَهُمْ عَذَابٌ

ان پر دنیا میں (بھی) لعنت کی گئی ہے اور آخرت میں (بھی) اور انکے لیے بہت بڑا عذاب

عَظِيمٌ ۝ يَوْمَ تَشْهَدُ عَلَيْهِمْ أَلْسِنَتُهُمْ وَأَيْدِيهِمْ وَ
ہے جس دن اُنکی زبانیں اور اُنکے ہاتھ اور اُنکے پاؤں اُنکی کرتوتوں کے بارے میں

أَرْجُلُهُم بِمَا كَانُوا يَعْمَلُونَ ۝ يَوْمَئِذٍ يُوَفِّيهِمُ اللَّهُ
اُنکے برخلاف گواہی دینگے اُسی دن اللہ تعالیٰ اُنکا ٹھیک ٹھیک

دِينَهُمُ الْحَقَّ وَيَعْلَمُونَ أَنَّ اللَّهَ هُوَ الْحَقُّ الْمُبِينُ ۝
بدلہ اُنکو پورا پورا دیگا اور وہ یہ جان لینگے کہ اللہ وہی تو حق صریح ہے

الْخَبِيثَاتُ لِلْخَبِيثِينَ وَالْخَبِيثُونَ لِلْخَبِيثَاتِ وَالطَّيِّبَاتُ
بُری بُری (باتیں) بُرے لوگوں کے لیے (زیبا ہیں) اور بُرے لوگ بُری بُری (باتوں) کے لیے (موزوں ہیں) اور اچھی اچھی (باتیں)

لِلطَّيِّبِينَ وَالطَّيِّبُونَ لِلطَّيِّبَاتِ أُولَٰئِكَ مُبَرَّءُونَ
اچھے لوگوں کے لیے (مناسب) ہیں اور اچھے لوگ اچھی اچھی (باتوں) کے لیے (موزوں) ہیں یہ (اچھے) لوگ اُن باتوں سے جو (بُرے

مِمَّا يَقُولُونَ لَهُم مَّغْفِرَةٌ وَرِزْقٌ كَرِيمٌ ۝ ع ٣
لوگ) کہتے ہیں بری ہیں انکے لیے گناہوں کی بخشش بھی ہے اور آبرو کی روزی (بھی)

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَدْخُلُوا بُيُوتًا غَيْرَ بُيُوتِكُمْ حَتَّىٰ
اے ایمان لانیوالو اپنے گھروں کے سوا اور گھروں میں جب تک کہ اجازت نہ لیلو اور

تَسْتَأْنِسُوا وَتُسَلِّمُوا عَلَىٰ أَهْلِهَا ۚ ذَٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ
اُنکے رہنے والوں پر سلام نہ کرلو نہ جا گھسنا یہی طریقہ تمہارے لیے بہتر ہے

لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُونَ ۝ فَإِن لَّمْ تَجِدُوا فِيهَا أَحَدًا فَلَا
تاکہ تم نصیحت پاؤ پھر اگر تم اُن میں کسی کو نہ پاؤ تو جب تک

تَدْخُلُوهَا حَتَّىٰ يُؤْذَنَ لَكُمْ ۖ وَإِن قِيلَ لَكُمُ ارْجِعُوا
تمکو اجازت نہ ہو ہرگز اُن میں نہ جاؤ اور اگر تم سے کہا جائے کہ لوٹ جاؤ

فَارْجِعُوا ۖ هُوَ أَزْكَىٰ لَكُمْ ۚ وَاللَّهُ بِمَا تَعْمَلُونَ عَلِيمٌ ۝
تو پلٹ جاؤ یہی تمہارے لیے بہتر ہے اور جو کچھ تم کرتے ہو اللہ اُس سے باخبر ہے

لَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ أَنْ تَدْخُلُوا بُيُوتًا غَيْرَ مَسْكُونَةٍ

اس بارے میں تم پر کوئی الزام نہیں ہے کہ تم ایسے گھروں میں جاؤ جن میں کوئی

فِيهَا مَتَاعٌ لَكُمْ وَاللَّهُ يَعْلَمُ مَا تُبْدُونَ وَمَا

رہتا نہو اور اُن میں تمہارا کچھ فائدہ ہو اور اللہ اسکو خوب جانتا ہے جو کچھ تم ظاہر کرتے ہو اور جو

تَكْتُمُونَ ۝ قُلْ لِلْمُؤْمِنِينَ يَغُضُّوا مِنْ أَبْصَارِهِمْ وَ

کچھ تم چھپاتے ہو (اے رسولؐ) مومنوں سے کہدو کہ وہ اپنی آنکھیں بند رکھیں اور اپنی شرمگاہوں کو

يَحْفَظُوا فُرُوجَهُمْ ذَٰلِكَ أَزْكَىٰ لَهُمْ إِنَّ اللَّهَ خَبِيرٌ

(غیروں کی نظر سے) بچائیں یہ اُنکے لیے بہتر ہے بیشک خدا اُن چیزوں سے واقف ہے

بِمَا يَصْنَعُونَ ۝ وَقُلْ لِلْمُؤْمِنَاتِ يَغْضُضْنَ مِنْ

جو کچھ وہ کرتے رہتے ہیں اور تم مومن عورتوں سے بھی کہدو کہ وہ اپنی آنکھوں کو بند

أَبْصَارِهِنَّ وَيَحْفَظْنَ فُرُوجَهُنَّ وَلَا يُبْدِينَ زِينَتَهُنَّ

رکھیں اور اپنی شرمگاہوں کو (غیروں کی نظر سے) بچائیں اور اپنے بناؤ سنگار کو سوائے اُسکے جو

إِلَّا مَا ظَهَرَ مِنْهَا وَلْيَضْرِبْنَ بِخُمُرِهِنَّ عَلَىٰ جُيُوبِهِنَّ

خود بخود ظاہر ہو ظاہر نہ کریں اور انکو لازم ہے کہ اپنے گریبانوں پر سے اپنے دوپٹوں کے بکل مارے رہیں

وَلَا يُبْدِينَ زِينَتَهُنَّ إِلَّا لِبُعُولَتِهِنَّ أَوْ آبَائِهِنَّ أَوْ آبَاءِ

اور اپنا بناؤ سنگار کسی پر ظاہر نہونے دیں سوائے اپنے شوہروں کے یا اپنے باپ داداؤں کے یا اپنے

بُعُولَتِهِنَّ أَوْ أَبْنَائِهِنَّ أَوْ أَبْنَاءِ بُعُولَتِهِنَّ أَوْ إِخْوَانِهِنَّ

شوہروں کے باپ داداؤں کے یا اپنے بیٹوں کے یا اپنے شوہروں کے بیٹوں کے یا اپنے بھائیوں کے

أَوْ بَنِي إِخْوَانِهِنَّ أَوْ بَنِي أَخَوَاتِهِنَّ أَوْ نِسَائِهِنَّ أَوْ مَا مَلَكَتْ

یا اپنے بھتیجوں کے یا اپنے بھانجوں کے یا اپنی (ہم مذہب) عورتوں کے یا اپنے لونڈی

أَيْمَانُهُنَّ أَوِ التَّابِعِينَ غَيْرِ أُولِي الْإِرْبَةِ مِنَ الرِّجَالِ أَوِ الطِّفْلِ

غلاموں کے یا ایسے نوکر مردوں کے جنکو عورتوں کی کوئی ضرورت نہیں ہے یا ایسے لڑکوں کے

امام موسیٰ کاظم سے دریافت کیا گیا کہ ایک شخص کی ...

الَّذِينَ لَمْ يَظْهَرُوا عَلَىٰ عَوْرَاتِ النِّسَاءِ ۖ وَلَا يَضْرِبْنَ

جو ابھی عورتوں کے بھیدوں سے واقف (یعنی بالغ) نہ ہوئے ہوں اور عورتیں (چلنے میں) اپنے

بِأَرْجُلِهِنَّ لِيُعْلَمَ مَا يُخْفِينَ مِن زِينَتِهِنَّ ۚ وَتُوبُوا

پاؤں اس غرض سے زمین پر زور سے نہ ماریں۔ جو زینت وہ چھپائے ہوئی ہیں وہ ظاہر ہو جائے اور اے مومنو!

إِلَى اللَّهِ جَمِيعًا أَيُّهَ الْمُؤْمِنُونَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُونَ ○

تم سب کے سب خدا کی حضور میں توبہ کرو تاکہ تم سب فلاح پاؤ

وَأَنكِحُوا الْأَيَامَىٰ مِنكُمْ وَالصَّالِحِينَ مِنْ عِبَادِكُمْ وَ

اور تم میں سے جو مرد بے زوجہ ہوں اور جو عورتیں بے شوہر ہوں اُنکے اور تمہاری لونڈی غلاموں میں جو

إِمَائِكُمْ ۚ إِن يَكُونُوا فُقَرَاءَ يُغْنِهِمُ اللَّهُ مِن فَضْلِهِ ۗ

نکاح کے قابل ہوں اُنکے نکاح کردو اگر وہ محتاج ہونگے تو اللہ تعالےٰ اپنے فضل سے اُنکو غنی کر دیگا

وَاللَّهُ وَاسِعٌ عَلِيمٌ ○ وَلْيَسْتَعْفِفِ الَّذِينَ لَا يَجِدُونَ

اور اللہ صاحب وسعت (اور) صاحب علم ہے اور جن کو تم میں سے نکاح میسر نہو اُنکو عفت برتنی

نِكَاحًا حَتَّىٰ يُغْنِيَهُمُ اللَّهُ مِن فَضْلِهِ ۗ وَالَّذِينَ يَبْتَغُونَ

چاہیے یہاں تک کہ اللہ تعالےٰ اُنکو اپنے فضل سے غنی کردے اور تمہارے لونڈی غلام جو

الْكِتَابَ مِمَّا مَلَكَتْ أَيْمَانُكُمْ فَكَاتِبُوهُمْ إِنْ عَلِمْتُمْ

مکاتبت کے خواستگار ہوں تو اگر تم اُن میں نیکی کے آثار پاؤ تو اُنسے مکاتبت

فِيهِمْ خَيْرًا ۖ وَآتُوهُم مِّن مَّالِ اللَّهِ الَّذِي آتَاكُمْ ۚ وَلَا

کرلو اور اُنکو اُس مال میں سے جو خدا نے تمکو عطا کیا ہے کچھ دو اور

تُكْرِهُوا فَتَيَاتِكُمْ عَلَى الْبِغَاءِ إِنْ أَرَدْنَ تَحَصُّنًا لِّتَبْتَغُوا

تمہاری لونڈیاں اگر پاکدامنی کی خواستگار ہوں تو اُنکو بدکاری پر مجبور نہ کرو کہ اُس سے تم کچھ

عَرَضَ الْحَيَاةِ الدُّنْيَا ۚ وَمَن يُكْرِههُّنَّ فَإِنَّ اللَّهَ مِن بَعْدِ

دنیا کا نفع اُٹھالو اور جو اُنکو مجبور کریگا تو اللہ اُنکے مجبور کرنیکے بعد

اِكْرَاهِهِنَّ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝ وَلَقَدْ اَنْزَلْنَاۤ اِلَيْكُمْ اٰيٰتٍ

(انکے بارے میں) بڑا بخشنے والا (اور) رحم کرنیوالا ہے اور بیشک ہمنے تمہاری طرف کھلی کھلی نشانیاں اور

مُّبَيِّنٰتٍ وَّمَثَلًا مِّنَ الَّذِيْنَ خَلَوْا مِنْ قَبْلِكُمْ وَ

اُن لوگوں کے جو تم سے پہلے گزر گئے ہیں قصے اور پرہیزگاروں کے لیے نصیحت

مَوْعِظَةً لِّلْمُتَّقِيْنَ ۝ اَللّٰهُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ع ۸

نازل کی ہے اللہ آسمانوں کا اور زمین کا روشن کرنیوالا ہے

مَثَلُ نُوْرِهٖ كَمِشْكٰوةٍ فِيْهَا مِصْبَاحٌ اَلْمِصْبَاحُ فِيْ زُجَاجَةٍ

اسکے نور کی مثال اُس روشندان کی سی ہے جسمیں ایک بڑا روشن چراغ ہو وہ چراغ ایک شیشے کی قندیل میں ہو

اَلزُّجَاجَةُ كَاَنَّهَا كَوْكَبٌ دُرِّيٌّ يُّوْقَدُ مِنْ شَجَرَةٍ مُّبٰرَكَةٍ

اور وہ قندیل ایسی ہو جیسے ایک چمکتا ہوا تارا اور زیتون کے مبارک درخت کے تیل سے

زَيْتُوْنَةٍ لَّا شَرْقِيَّةٍ وَّلَا غَرْبِيَّةٍ يَّكَادُ زَيْتُهَا يُضِيْٓءُ

روشن ہو جو نہ شرقی ہے اور نہ غربی قریب ہے کہ اُسکا تیل خود بخود روشن

وَلَوْ لَمْ تَمْسَسْهُ نَارٌ نُوْرٌ عَلٰى نُوْرٍ يَهْدِي اللّٰهُ لِنُوْرِهٖ

ہو جائے گو آگ اُسکو نہ چھوئے وہ نور بالائے نور ہے اللہ جسکو چاہتا ہے اپنے نور کی

مَنْ يَّشَآءُ وَيَضْرِبُ اللّٰهُ الْاَمْثَالَ لِلنَّاسِ وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ

راہ بتلا دیتا ہے اور اللہ آدمیوں کے لیے مثالیں بیان کرتا ہے اور اللہ ہر چیز کا (پورا پورا)

عَلِيْمٌ ۝ فِيْ بُيُوْتٍ اَذِنَ اللّٰهُ اَنْ تُرْفَعَ وَيُذْكَرَ فِيْهَا اسْمُهٗ

جاننے والا ہے (یہ چراغ) ایسے گھروں میں ہے جنکی نسبت خدا نے حکم دیا ہے کہ انکی تعظیم کیجائے اور اُسکا نام

يُسَبِّحُ لَهٗ فِيْهَا بِالْغُدُوِّ وَالْاٰصَالِ ۝ رِجَالٌ لَّا تُلْهِيْهِمْ

اُن میں لیا جائے۔ اُن میں صبح و شام اُسکی پاکیزگی ایسے لوگ بیان کرتے رہتے ہیں جنکو یاد خدا سے اور نماز پڑھنے سے

تِجَارَةٌ وَّلَا بَيْعٌ عَنْ ذِكْرِ اللّٰهِ وَاِقَامِ الصَّلٰوةِ وَاِيْتَآءِ الزَّكٰوةِ

اور زکوٰۃ دینے سے نہ تو تجارت باز رکھتی ہے اور نہ کوئی خرید و فروخت

اُسنے تجارت چھوڑ دی۔ حضرت نے تین مرتبہ فرمایا کہ یہ تو شیطان کا کام ہے۔ کیا اُسکو یہ خبر نہیں کہ جناب رسول خدا نے ایک پورے قافلہ کا مال جو شام سے آیا تھا خرید لیا

يخافون يوما تتقلب فيه القلوب والابصار ○

وہ اُس دن سے ڈرتے رہتے ہیں جس دن دل اور آنکھیں اُلٹ پلٹ ہو جائینگی

ليجزيهم الله احسن ما عملوا ويزيدهم من

تاکہ جو کچھ اُنہوں نے کیا ہے اللہ اُس سے اچھا بدلہ اُنہیں دے اور اپنے فضل سے اُنکے لیے کچھ

فضله والله يرزق من يشاء بغير حساب ○

اور بڑھا دے اور اللہ جسکو چاہتا ہے بے حساب رزق عطا فرما دیتا ہے

والذين كفروا اعمالهم كسراب بقيعة يحسبه

اور جو لوگ کافر ہو گئے اُنکے اعمال ایسے ہیں جیسے کہ چٹیل میدان میں چمکتا ہوا ریت کہ پیاسا اُسکو

الظمان ماء حتى اذا جاءه لم يجده شيئا ووجد الله

پانی خیال کر لیتا ہے یہاں تک کہ جب اُسکے پاس پہنچا تو اُسکو کوئی چیز نہیں پایا اور اللہ کو اپنے

عنده فوفه حسابه والله سريع الحساب ○ او

پاس پائیگا پھر وہ اُسکا پورا پورا حساب کر دیگا اور اللہ سب سے جلد حساب کرنیوالا ہے یا اُن کافروں کے

كظلمت في بحر لجي يغشه موج من فوقه موج

(اعمال) اُن اندھیریوں کے مانند ہیں جو گہرے سمندر میں ہوں کہ اُسکو موج نے ڈھانپ رکھا ہو اور

من فوقه سحاب ظلمت بعضها فوق بعض اذا

اُس موج پر ایک اور موج ہو اور اُس موج پر ایک بادل ہو اسطرح اندھیریاں ایک کے اوپر ایک ہوں کہ جب کوئی

اخرج يده لم يكد يرها ومن لم يجعل الله له

اپنا ہاتھ نکالے تو اُسکو بھی دیکھ سکے اور جسکیلیے خدا کوئی روشنی قرار نہ دے اُسکے لیے

نورا فما له من نور ○ الم تر ان الله يسبح له من

کوئی روشنی ہو ہی نہیں سکتی کیا تم نے یہ نہیں دیکھا کہ جو آسمانوں میں ہیں اور زمین میں

في السموت والارض والطير صفت كل قد علم صلاته

ہیں اور پر پھیلا کر اُڑنیوالے پرندے اللہ ہی کی تسبیح کرتے رہتے ہیں ہر ایک ان میں سے اپنی اپنی نماز

وَتَسْبِيْحَهٗ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِمَا يَفْعَلُوْنَ ○ وَلِلّٰهِ مُلْكُ

اور اپنی اپنی تسبیح کو خوب جانتا ہے اور جو کچھ یہ کرتے ہیں اللہ اُس سے خوب واقف ہے اور آسمانوں کی اور زمین کی

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ وَاِلَى اللّٰهِ الْمَصِيْرُ ○ اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ

بادشاہت اللہ ہی کی ہے اور اللہ ہی کیطرف سبکی بازگشت ہے کیا تُم نے یہ نہیں دیکھا کہ

يُزْجِيْ سَحَابًا ثُمَّ يُؤَلِّفُ بَيْنَهٗ ثُمَّ يَجْعَلُهٗ رُكَامًا فَتَرَى

اللہ بادل کو ہانک لاتا ہے پھر اُس (کے ٹکڑوں) کو آپس میں جوڑ دیتا ہے پھر اُنکو تہ بہ تہ رکھ دیتا ہے

الْوَدْقَ يَخْرُجُ مِنْ خِلٰلِهٖ ۚ وَيُنَزِّلُ مِنَ السَّمَآءِ مِنْ جِبَالٍ

پھر تم اُنکے بیچ میں سے مینہ کو نکلتے ہوئے دیکھتے ہو اور اللہ آسمان سے پہاڑ کی شکل کے بادلوں سے

فِيْهَا مِنْ بَرَدٍ فَيُصِيْبُ بِهٖ مَنْ يَّشَآءُ وَيَصْرِفُهٗ عَنْ مَّنْ

اولے برساتا ہے پھر اُن اولوں سے جسکو چاہتا ہے صدمہ پہنچاتا ہے اور جس سے چاہتا ہے اُنکو ہٹا دیتا

يَّشَآءُ ؕ يَكَادُ سَنَا بَرْقِهٖ يَذْهَبُ بِالْاَبْصَارِ ؕ يُقَلِّبُ اللّٰهُ

ہے قریب ہے کہ اُسکی بجلی کی چمک بصارتوں کو غارت کر دے اللہ رات کو اور

الَّيْلَ وَالنَّهَارَ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَعِبْرَةً لِّاُولِي الْاَبْصَارِ ○

دن کو اولتا بدلتا رہتا ہے بیشک اس میں سمجھنے والوں کے لیے عبرت موجود ہے

وَاللّٰهُ خَلَقَ كُلَّ دَآبَّةٍ مِّنْ مَّآءٍ ۚ فَمِنْهُمْ مَّنْ يَّمْشِيْ عَلٰى

اور اللہ نے ہر چلنے والا پانی سے پیدا کیا پس اُن میں سے بعض تو ایسے ہیں جو اپنے پیٹ کے

بَطْنِهٖ ۚ وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّمْشِيْ عَلٰى رِجْلَيْنِ ۚ وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّمْشِيْ عَلٰى

بَل چلتے ہیں اور بعض ایسے ہیں جو دو پاؤں پر چلتے ہیں اور بعض ایسے ہیں جو چار پر

اَرْبَعٍ ؕ يَخْلُقُ اللّٰهُ مَا يَشَآءُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ○

چلتے ہیں اللہ جو چاہتا ہے پیدا کرتا ہے بیشک اللہ ہر چیز پر پوری پوری قدرت رکھنے والا ہے

لَقَدْ اَنْزَلْنَآ اٰيٰتٍ مُّبَيِّنٰتٍ ؕ وَاللّٰهُ يَهْدِيْ مَنْ يَّشَآءُ اِلٰى

یقیناً ہمنے حقیقتوں کی کھولنے والی آیتیں نازل کیں اور اللہ جسکو چاہتا ہے راہِ راست تک

صراط مستقيم ○ ويقولون امنا بالله وبالرسول و
پہنچا دیتا ہے اور وہ یہ کہتے ہیں کہ ہم اللہ پر اور اُسکے رسول پر ایمان لائے اور

اطعنا ثم يتولى فريق منهم من بعد ذلك وما اولئك
اُنکے مطیع ہیں پھر اُسکے بعد اُنہی میں سے ایک گروہ پھر جاتا ہے اور وہ مومن

بالمؤمنين ○ واذا دعوا الى الله ورسوله ليحكم
نہیں ہیں اور جب وہ اللہ کی اور اُسکے رسول کی طرف بُلائے جاتے ہیں کہ رسول

بينهم اذا فريق منهم معرضون ○ وان يكن لهم
اُنکے مابین فیصلہ کرے تو یکایک اُنہی میں سے ایک گروہ روگرداں ہوجاتا ہے اور اگر انکا کوئی حق (حصّہ)

الحق ياتوا اليه مذعنين ○ افي قلوبهم مرض
ہوتا ہے تو فرمانبرداری کرتے رسول کے پاس چلے آتے ہیں آیا اُنکے دلوں میں کوئی روگ ہے

ام ارتابوا ام يخافون ان يحيف الله عليهم ورسوله
یا یہ شک میں پڑے ہوئے ہیں یا اس بات سے ڈرتے ہیں کہ اللہ اور اُسکا رسول اُن پر کوئی ظلم کرے

بل اولئك هم الظلمون ○ انما كان قول المؤمنين
(یہ کچھ نہیں) بلکہ حقیقت میں یہ ہیں ہی نافرمان مومنوں کا قول تو جس وقت (بھی) وہ

اذا دعوا الى الله ورسوله ليحكم بينهم ان يقولوا
خدا اور اُسکے رسول کی طرف اس غرض سے بُلائے جائیں کہ رسول اُنکے مابین فیصلہ کرے اسکے سوا

سمعنا واطعنا واولئك هم المفلحون ○ و
اور کچھ ہوتا ہی نہیں کہ وہ کہتے ہیں کہ ہم نے سنا اور ہم نے اطاعت کی اور وہی (پوری پوری) فلاح پانیوالے ہیں اور

من يطع الله ورسوله ويخش الله ويتقه
جو اللہ اور اُسکے رسول کی اطاعت کریگا اور خدا سے ڈریگا اور اُس (کی مخالفت) سے بچتا رہیگا

فاولئك هم الفائزون ○ واقسموا بالله جهد
پس ایسے ہی لوگ تو کامیاب ہونیوالے ہیں اور وہ اپنے مقدور بھر اللہ کی قسمیں کھاکر

اَيْمَانِهِمْ لَئِنْ اَمَرْتَهُمْ لَيَخْرُجُنَّ ؕ قُلْ لَّا تُقْسِمُوْا ۚ

یہ کہتے ہیں کہ اگر آپ ہمیں حکم دیں تو ہم ضرور نکل کھڑے ہونگے تم کہدینا کہ تم قسمیں نہ کھاؤ

طَاعَةٌ مَّعْرُوْفَةٌ ؕ اِنَّ اللّٰهَ خَبِيْرٌۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ○ قُلْ

نیک اطاعت مطلوب ہے (خالی خولی قسمیں نہیں) بیشک جو کچھ تم کرتے ہو اللہ اس سے آگاہ ہے تم کہدینا کہ

اَطِيْعُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ ۚ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَاِنَّمَا عَلَيْهِ

تم اللہ کی اطاعت کرو اور اسکے رسول کی اطاعت کرو پھر اگر تم روگرداں ہوگے تو سوا اسکے نہیں ہے کہ

مَا حُمِّلَ وَعَلَيْكُمْ مَّا حُمِّلْتُمْ ؕ وَاِنْ تُطِيْعُوْهُ تَهْتَدُوْا ؕ

رسول کے ذمہ اسکی جواب دہی ہے جس پر وہ مامور کیا گیا ہے اور تمہارے ذمہ اسکی جوابدہی ہے جس پر تم مامور کیے گئے ہو اور اگر تم

وَمَا عَلَى الرَّسُوْلِ اِلَّا الْبَلٰغُ الْمُبِيْنُ ○ وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ

اسکی اطاعت کروگے تو راہ پالوگے اور رسول کے ذمہ سوائے واضح طور پر احکام پہنچا دینے کے اور کچھ نہیں ہے ان سب لوگوں سے جو تم میں سے

اٰمَنُوْا مِنْكُمْ وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَيَسْتَخْلِفَنَّهُمْ فِى

ایمان لائے اور جنہوں نے نیک عمل کیے اللہ نے یہ وعدہ کیا ہے کہ ضرور انکو اس زمین میں

الْاَرْضِ كَمَا اسْتَخْلَفَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ۪ وَلَيُمَكِّنَنَّ

جانشین بنائیگا جیسا کہ انسے پہلوں کو جانشین بنایا تھا اور ضرور انکے دین کو

لَهُمْ دِيْنَهُمُ الَّذِى ارْتَضٰى لَهُمْ وَلَيُبَدِّلَنَّهُمْ مِّنْ

جو اسنے انکے لیے پسند کرلیا ہے انکی خاطر سے پائدار کردیگا اور ضرور انکے خوف کو امن سے

بَعْدِ خَوْفِهِمْ اَمْنًا ؕ يَعْبُدُوْنَنِىْ لَا يُشْرِكُوْنَ بِىْ شَيْئًا ؕ

بدل دیگا اسوقت وہ میری ہی عبادت کرینگے اور کسی چیز کو میرا شریک نہ ٹھہرائینگے

وَمَنْ كَفَرَ بَعْدَ ذٰلِكَ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْفٰسِقُوْنَ ○

اور جو اسکے بعد ناشکری کریگا پس نافرمان وہی ہیں

وَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ وَاَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ

اور نماز پڑھو اور زکوٰۃ دو اور رسول کی اطاعت کرو

لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُونَ ○ لَا تَحْسَبَنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا مُعْجِزِينَ

تاکہ تم پر رحم کیا جائے ان لوگوں کو جو کافر ہو گئے زمین میں خدا کا عاجز کرنیوالا

فِي الْأَرْضِ وَمَأْوٰىهُمُ النَّارُ وَلَبِئْسَ الْمَصِيرُ ○ ع ٧ ١٣

ہرگز خیال نہ کرو اور انکا ٹھکانا جہنم ہے اور وہ بہت بری بازگشت ہے

يٰٓاَيُّهَا الَّذِينَ اٰمَنُوا لِيَسْتَاْذِنْكُمُ الَّذِينَ مَلَكَتْ

اے ایمان لانیوالو لازم ہے کہ تمہارے لونڈی غلام اور جو تم میں سے (ابھی) بلوغ کو

اَيْمَانُكُمْ وَالَّذِينَ لَمْ يَبْلُغُوا الْحُلُمَ مِنْكُمْ ثَلٰثَ مَرّٰتٍ

نہ پہنچے ہوں (وہ تمہارے پاس آنیکے لیے دن رات میں) تین مرتبہ تم سے اجازت لیا کریں

مِنْ قَبْلِ صَلٰوةِ الْفَجْرِ وَحِينَ تَضَعُونَ ثِيَابَكُمْ

(ایک) نماز فجر سے پہلے اور (دوسرے) جب تم دوپہر کو (قیلولہ کے لیے) اپنے کپڑے اتار دیتے ہو

مِنَ الظَّهِيرَةِ وَمِنْ بَعْدِ صَلٰوةِ الْعِشَاءِ ثَلٰثُ

اور (تیسرے) نماز عشا کے بعد یہ تینوں

عَوْرٰتٍ لَّكُمْ لَيْسَ عَلَيْكُمْ وَلَا عَلَيْهِمْ جُنَاحٌ

تمہارے تخلیے کے وقت ہیں انکے بعد بلا اجازت آنے جانے میں نہ تمہارے ذمہ کوئی الزام

بَعْدَهُنَّ طَوّٰفُونَ عَلَيْكُمْ بَعْضُكُمْ عَلٰى بَعْضٍ

ہے اور نہ انکے ذمہ تم ایک دوسرے کے پاس بکثرت آتے جاتے ہی رہتے ہو

كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمُ الْاٰيٰتِ وَاللّٰهُ عَلِيمٌ حَكِيمٌ ○

اللہ اس طرح تمہارے لیے احکام کھولکر بیان کرتا ہے اور اللہ بڑا جاننے والا (اور) حکمت والا ہے

وَاِذَا بَلَغَ الْاَطْفَالُ مِنْكُمُ الْحُلُمَ فَلْيَسْتَاْذِنُوا كَمَا

اور جب تمہارے بچے بالغ ہوجائیں تو انکو لازم ہے کہ اسی طرح اجازت طلب کیا کریں جس طرح انکے

اسْتَاْذَنَ الَّذِينَ مِنْ قَبْلِهِمْ كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ

بزرگ) انکے پہلے سے اجازت طلب کیا کرتے تھے اس طرح اللہ اپنے احکام تمہارے لیے کھولکر بیان

المنزل ٤

لکم الاٰیٰت ؕ واللہ علیم حکیم ○ والقواعد من النسآء

کرتا ہے اور اللہ صاحب علم و حکمت ہے اور (بڑی) بوڑھی عورتیں جنکو

التی لا یرجون نکاحا فلیس علیہن جناح ان

نکاح کی امید باقی نہو تو اگر وہ اپنا برقع وغیرہ اُتار دیا کریں تو اُنکے ذمّہ

یضعن ثیابہن غیر متبرجٰت بزینۃ ؕ وان

کچھ الزام نہیں ہے جس حال میں کہ اُنکو اپنے بناؤ سنگار کا اظہار منظور نہو اور اگر

یستعففن خیر لہن ؕ واللہ سمیع علیم ○ لیس

وہ اس سے بھی بچا رہیں تو یہ اُنکے لیے اور بہتر ہے اور اللہ (سُننے والا اور) جاننے والا ہے نہ کسی

علی الاعمیٰ حرج ولا علی الاعرج حرج ولا علی

اندھے کے ذمّہ کوئی الزام ہے اور نہ لنگڑے کے ذمّہ کوئی الزام ہے اور نہ کسی بیمار کے

المریض حرج ولا علیٰ انفسکم ان تاکلوا من بیوتکم

ذمّہ کوئی الزام ہے اور نہ تمہارے اپنے ذمّہ اس میں کہ تم کھانا اپنے گھروں سے کھاؤ

او بیوت اٰبآئکم او بیوت امّہٰتکم او بیوت اخوانکم

یا اپنے باپ داداؤں کے گھروں سے یا اپنی ماؤں کے گھروں سے یا اپنے بھائیوں کے گھروں

او بیوت اخوٰتکم او بیوت اعمامکم او بیوت

یا اپنی بہنوں کے گھروں سے یا اپنے چچاؤں کے گھروں سے یا اپنی پھوپھیوں

عمّٰتکم او بیوت اخوالکم او بیوت خٰلٰتکم او ما

کے گھروں سے یا اپنے ماموؤں کے گھروں سے یا اپنی خالاؤں کے گھروں سے یا جہاں کی

ملکتم مفاتحہ او صدیقکم ؕ لیس علیکم جناح

کنجیاں تمہارے ہاتھ ہوں یا اپنے دوستوں کے گھروں سے اس میں بھی تم پر کوئی الزام نہیں ہے

ان تاکلوا جمیعا او اشتاتا ؕ فاذا دخلتم بیوتا فسلموا

کہ تم اکٹھے ہو کر کھاؤ یا الگ الگ پھر جب تم گھروں میں آؤ تو اپنی ذات پر

عَلٰٓی اَنۡفُسِکُمۡ تَحِیَّۃً مِّنۡ عِنۡدِ اللّٰہِ مُبٰرَکَۃً طَیِّبَۃً ؕ

سلام کرو یہ اللہ کی طرف سے نفیس برکت والا تحفہ ہے

کَذٰلِکَ یُبَیِّنُ اللّٰہُ لَکُمُ الۡاٰیٰتِ لَعَلَّکُمۡ تَعۡقِلُوۡنَ ۝ ؏

اس طرح اللہ تم سے اپنے احکام کھول کر بیان کرتا ہے کہ تم سمجھ لو

اِنَّمَا الۡمُؤۡمِنُوۡنَ الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا بِاللّٰہِ وَ رَسُوۡلِہٖ وَ اِذَا

سوائے اس کے نہیں کہ مومن وہ لوگ ہیں جو اللہ پر اور اس کے رسول پر ایمان لاتے ہیں اور

کَانُوۡا مَعَہٗ عَلٰۤی اَمۡرٍ جَامِعٍ لَّمۡ یَذۡہَبُوۡا حَتّٰی یَسۡتَاۡذِنُوۡہُ ؕ

جب کسی جمع کے موقع پر رسول کے ساتھ ہوتے ہیں تو جب تک اُن سے اجازت نہ لے لیں چلے نہیں جاتے

اِنَّ الَّذِیۡنَ یَسۡتَاۡذِنُوۡنَکَ اُولٰٓئِکَ الَّذِیۡنَ یُؤۡمِنُوۡنَ

بیشک جو لوگ تم سے اجازت طلب کرتے ہیں وہی تو اللہ پر اور اُس کے رسول پر

بِاللّٰہِ وَ رَسُوۡلِہٖ ۚ فَاِذَا اسۡتَاۡذَنُوۡکَ لِبَعۡضِ شَاۡنِہِمۡ فَاۡذَنۡ

ایمان رکھتے ہیں پھر جب وہ تم سے اپنے کسی خاص کام کے لیے اجازت چاہیں تو

لِّمَنۡ شِئۡتَ مِنۡہُمۡ وَ اسۡتَغۡفِرۡ لَہُمُ اللّٰہَ ؕ اِنَّ اللّٰہَ

اُن میں سے تم جسکو چاہو اجازت دے دیا کرو اور اُن کے لیے خدا سے مغفرت طلب کیا کرو بیشک اللہ بڑا

غَفُوۡرٌ رَّحِیۡمٌ ۝ لَا تَجۡعَلُوۡا دُعَآءَ الرَّسُوۡلِ بَیۡنَکُمۡ کَدُعَآءِ

بخشنے والا (اور) رحم کرنے والا ہے رسول کے پکارنے کو ایسا قرار نہ دو جیسا کہ تم آپس میں ایک دوسرے

بَعۡضِکُمۡ بَعۡضًا ؕ قَدۡ یَعۡلَمُ اللّٰہُ الَّذِیۡنَ یَتَسَلَّلُوۡنَ مِنۡکُمۡ لِوَاذًا ۚ

کو پکارتے ہو اللہ اُن لوگوں کو خوب جانتا ہے جو تم میں سے چپ چاپ کھسک جاتے ہیں

فَلۡیَحۡذَرِ الَّذِیۡنَ یُخَالِفُوۡنَ عَنۡ اَمۡرِہٖۤ اَنۡ تُصِیۡبَہُمۡ فِتۡنَۃٌ

پس اُن لوگوں کو جو امر رسول سے مخالفت کرتے ہیں اس بات سے ڈرتے رہنا چاہیے کہ اُن پر کوئی مصیبت

اَوۡ یُصِیۡبَہُمۡ عَذَابٌ اَلِیۡمٌ ۝ اَلَاۤ اِنَّ لِلّٰہِ مَا فِی السَّمٰوٰتِ

یا اُنکو دردناک عذاب پہنچے خبردار رہو آسمانوں میں اور زمین میں جو کچھ ہے

وَالْأَرْضِ قَدْ يَعْلَمُ مَا أَنتُمْ عَلَيْهِ وَيَوْمَ يُرْجَعُونَ إِلَيْهِ

وہ اللہ ہی کا ہے تم جس روش پر ہو اُسے وہ خوب جانتا ہے اور جس دن وہ اُسکی حضور میں لوٹائے جائینگے

فَيُنَبِّئُهُم بِمَا عَمِلُوا ۗ وَاللَّهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيمٌ ۝ ع ۳ ۹ ۱۵

تو جو کچھ وہ کیا کرتے تھے وہ انکو اُس سے آگاہ کر دیگا اور اللہ ہر چیز کا (پورا پورا) جاننے والا ہے

سُورَةُ الْفُرْقَانِ مَكِّيَّةٌ وَهِيَ سَبْعٌ وَسَبْعُونَ آيَةً



بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ ۝

رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

تَبَارَكَ الَّذِي نَزَّلَ الْفُرْقَانَ عَلَىٰ عَبْدِهِ لِيَكُونَ

صاحب برکت ہے وہ جسنے اپنے بندے پر (حق و باطل کی) جانچ نازل کی کہ وہ تمام عالموں کے

لِلْعَالَمِينَ نَذِيرًا ۝ الَّذِي لَهُ مُلْكُ السَّمَاوَاتِ

لیے ڈرانیوالا ہو وہ وہی ہے جسکے لیے آسمانوں کی اور زمین کی سلطنت

وَالْأَرْضِ وَلَمْ يَتَّخِذْ وَلَدًا وَلَمْ يَكُن لَّهُ شَرِيكٌ فِي الْمُلْكِ

(مسلّم) ہے اور اُسنے کوئی بیٹا نہیں بنایا اور نہ سلطنت کے معاملہ میں کوئی اُسکا شریک ہوا اور اُسنے

وَخَلَقَ كُلَّ شَيْءٍ فَقَدَّرَهُ تَقْدِيرًا ۝ وَاتَّخَذُوا مِن

ہر چیز کو پیدا کیا پھر اُسکا ایسا اندازہ کر دیا جیسا کہ اندازہ کرنیکا حق ہے اور اُنہوں نے اُسے چھوڑ کر

دُونِهِ آلِهَةً لَّا يَخْلُقُونَ شَيْئًا وَهُمْ يُخْلَقُونَ

ایسے خدا بنا لیے ہیں جو ایک چیز (بھی) نہیں بناتے بلکہ خود بنائے جاتے ہیں

وَلَا يَمْلِكُونَ لِأَنفُسِهِمْ ضَرًّا وَلَا نَفْعًا وَلَا يَمْلِكُونَ

اور نہ وہ اپنی ذات کے لیے کسی نفع یا ضرر کا اختیار رکھتے ہیں اور نہ کسی کی موت کا اختیار

مَوْتًا وَلَا حَيَاةً وَلَا نُشُورًا ۝ وَقَالَ الَّذِينَ كَفَرُوا

رکھتے ہیں اور نہ کسی کی زندگی کا اور نہ کسی کو دوبارہ اُٹھانیکا اور اُن لوگوں نے جو کافر ہو گئے یہ کہہ دیا

له فَقَدَّرَهُ تَقْدِيرًا۔ تفسیر قمی میں ہے کہ جناب امام رضا علیہ السلام نے کسی شخص سے دریافت کیا کہ تو جانتا ہے تقدیر کیا ہے؟ اُسنے عرض کی نہیں۔ فرمایا کہ اجل اور رزق اور بقاء اور فناء کی حدود کا مقرر کر دینا تقدیر ہے پھر حضرت نے دریافت کیا کہ جانتا ہے قضا کیا ہے؟ اُسنے عرض کی نہیں۔ فرمایا [illegible]

اِنْ هٰذَآ اِلَّآ اِفْكُ اِفْتَرٰىهُ وَاَعَانَهٗ عَلَيْهِ قَوْمٌ

کہ یہ تو نرا جھوٹ ہے جو اس شخص نے بنا لیا ہے اور اور لوگوں نے اِسکے بنانے میں اسکی

مع اٰخَرُوْنَ ۚ فَقَدْ جَآءُوْ ظُلْمًا وَّزُوْرًا ۝ وَقَالُوْٓا

مدد کی ہے پس اُن لوگوں نے نہایت ناانصافی کی اور جھوٹ بولا جس حال میں یہ کہدیا کہ

اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ اكْتَتَبَهَا فَهِيَ تُمْلٰى عَلَيْهِ بُكْرَةً

یہ پہلوں کی کہانیاں ہیں جو اس شخص نے لکھوالی ہیں اور صبح و شام اِسکو لکھوا دیجاتی

وَّاَصِيْلًا ۝ قُلْ اَنْزَلَهُ الَّذِيْ يَعْلَمُ السِّرَّ فِي السَّمٰوٰتِ

ہیں تم یہ کہدو کہ اِسکو تو اُسنے اُتارا ہے جو آسمانوں کی اور زمین کی سب چھپی

وَالْاَرْضِ ۭ اِنَّهٗ كَانَ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ۝ وَقَالُوْا مَالِ هٰذَا

چیزوں کو جانتا ہے بیشک وہ بڑا بخشنے والا (اور) رحم کرنیوالا ہے اور انھوں نے یہ کہدیا کہ اِس

الرَّسُوْلِ يَاْكُلُ الطَّعَامَ وَيَمْشِيْ فِي الْاَسْوَاقِ ۭ لَوْلَآ

رسول کو کیا ہوگیا ہے یہ تو کھانا کھاتا ہے اور بازاروں میں چلتا پھرتا ہے اِسکے پاس

اُنْزِلَ اِلَيْهِ مَلَكٌ فَيَكُوْنَ مَعَهٗ نَذِيْرًا ۝ اَوْ يُلْقٰٓى

کوئی فرشتہ کیوں نہ بھیجا گیا کہ وہ اِسکے ساتھ ڈرانیوالا ہوتا یا اسپر خزانہ کیوں

اِلَيْهِ كَنْزٌ اَوْ تَكُوْنُ لَهٗ جَنَّةٌ يَّاْكُلُ مِنْهَا ۭ وَقَالَ

نہ ڈالدیا گیا یا اِسکا کوئی باغ کیوں نہ ہوا کہ یہ اس میں سے کھاتا اور نافرمان

الظّٰلِمُوْنَ اِنْ تَتَّبِعُوْنَ اِلَّا رَجُلًا مَّسْحُوْرًا ۝

یہ کہتے ہیں کہ تم تو ایک سحر زدہ شخص کی پیروی کر رہے ہو

اُنْظُرْ كَيْفَ ضَرَبُوْا لَكَ الْاَمْثَالَ فَضَلُّوْا

دیکھو تو انھوں نے تمہارے لیے کیسی کیسی مثلیں بیان کیں پس خود ہی گمراہ ہوگئے

ع ١٦ فَلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ سَبِيْلًا ۝ تَبٰرَكَ الَّذِيْٓ

سو (اب) راہ نہ پاسکینگے صاحب برکت ہے وہ جو

إِنْ شَآءَ جَعَلَ لَكَ خَيْرًا مِّنْ ذٰلِكَ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ

اگر چاہتا تو تمہارے لیے اس سے بہتر مقرر کر دیتا (یعنی ایسے) باغات جنکے نیچے ندیاں

مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ وَيَجْعَلْ لَّكَ قُصُوْرًا ۝ بَلْ كَذَّبُوْا

بہتی ہوتیں اور تمہارے لیے بہت سے محل بنا دیتا بلکہ انہوں نے تو

بِالسَّاعَةِ وَاَعْتَدْنَا لِمَنْ كَذَّبَ بِالسَّاعَةِ سَعِيْرًا ۝

قیامت کو جھٹلایا حالانکہ جنہوں نے قیامت کو جھٹلایا اُنکے لیے ہمنے بھڑکتی ہوئی آگ مہیا کی ہے

اِذَا رَاَتْهُمْ مِّنْ مَّكَانٍۭ بَعِيْدٍ سَمِعُوْا لَهَا تَغَيُّظًا وَّ

جو انکو دور سے دیکھیگی تو یہ اُسکے جوش و خروش کی آواز

زَفِيْرًا ۝ وَاِذَآ اُلْقُوْا مِنْهَا مَكَانًا ضَيِّقًا مُّقَرَّنِيْنَ

سن لینگے اور جب اُسکے کسی کونے میں جکڑ کر ڈالدیے جائینگے تو وہاں موت ہی

دَعَوْا هُنَالِكَ ثُبُوْرًا ۝ لَا تَدْعُوا الْيَوْمَ ثُبُوْرًا وَّاحِدًا

موت پکارینگے (اُنسے کہا جائیگا کہ) آج ایک ہی موت کو نہ پکارو بلکہ بہت سی

وَّادْعُوْا ثُبُوْرًا كَثِيْرًا ۝ قُلْ اَذٰلِكَ خَيْرٌ اَمْ جَنَّةُ

موتوں کو پکارو (اے رسولؐ) تم کہدو کہ آیا یہ بہتر ہے یا وہ ہمیشہ کی بہشت

الْخُلْدِ الَّتِيْ وُعِدَ الْمُتَّقُوْنَ ؕ كَانَتْ لَهُمْ جَزَآءً

جسکا پرہیزگاروں سے وعدہ کیا گیا ہے کہ وہ اُنکا بدلہ اور اُنکی بازگشت

وَّمَصِيْرًا ۝ لَهُمْ فِيْهَا مَا يَشَآءُوْنَ خٰلِدِيْنَ ؕ كَانَ

ہوگی جو چاہینگے وہ اُس میں ملیگا وہ ہمیشہ اسی میں رہنے والے ہونگے یہ ایک وعدہ ہے

عَلٰى رَبِّكَ وَعْدًا مَّسْئُوْلًا ۝ وَيَوْمَ يَحْشُرُهُمْ وَمَا

جسکا ایفا تمہارے رب کے ذمہ لازم ہے (اور) جسکا سوال کیا جائیگا اور جسدن خدا انکو اور جنکی

يَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ فَيَقُوْلُ ءَاَنْتُمْ اَضْلَلْتُمْ عِبَادِيْ

یہ لوگ خدا کے سوا پرستش کیا کرتے تھے جمع کریگا پھر اُنسے فرمائیگا کہ آیا تمنے میرے ان بندوں کو گمراہ کیا

هٰۤؤُلَآءِ اَمْ هُمْ ضَلُّوا السَّبِيْلَ ۝ قَالُوْا سُبْحٰنَكَ
یا یہ خود ہی راہِ راست سے بھٹک گئے؟ تو وہ یہ کہینگے تیری ذات منزہ ہے
مَا كَانَ يَنْۢبَغِيْ لَنَآ اَنْ نَّتَّخِذَ مِنْ دُوْنِكَ
ہمیں کیا پڑی تھی کہ ہم تیرے سوا دوسرے (دوسرے) کارساز
مِنْ اَوْلِيَآءَ وَلٰكِنْ مَّتَّعْتَهُمْ وَاٰبَآءَهُمْ حَتّٰى
بناتے لیکن تو نے انکو اور انکے باپ داداؤں کو نعمتیں دیں یہانتک کہ
نَسُوا الذِّكْرَ ۚ وَكَانُوْا قَوْمًۢا بُوْرًا ۝ فَقَدْ
یہ تیری یاد اور نصیحت کو بھول گئے اور یہ لوگ ہلاک ہوجانے ہی کے قابل تھے (اسوقت ہم کہینگے)
كَذَّبُوْكُمْ بِمَا تَقُوْلُوْنَ ۙ فَمَا تَسْتَطِيْعُوْنَ
جو کچھ تم کہتے تھے اس میں تو (تمہارے ان معبودوں ہی نے) تمکو جھٹلا دیا پھر نہ تم عذاب کو ہٹا سکو گے
صَرْفًا وَّلَا نَصْرًا ۚ وَمَنْ يَّظْلِمْ مِّنْكُمْ
اور نہ مدد لا سکو گے اور جو تم میں سے نافرمانی کرچکا
نُذِقْهُ عَذَابًا كَبِيْرًا ۝ وَمَآ اَرْسَلْنَا
ہم اسکو بڑا عذاب چکھائینگے اور ہمنے تم سے پہلے جو
قَبْلَكَ مِنَ الْمُرْسَلِيْنَ اِلَّآ اِنَّهُمْ
رسول بھیجے تھے وہ کھانا (بھی)
لَيَاْكُلُوْنَ الطَّعَامَ وَيَمْشُوْنَ فِي
کھایا کرتے تھے اور بازاروں میں (بھی) چلا پھرا
الْاَسْوَاقِ ۭ وَجَعَلْنَا بَعْضَكُمْ لِبَعْضٍ فِتْنَةً ۭ
کرتے تھے اور ہمنے تم میں سے ایک کو دوسرے کے لیے آزمائش مقرر کردیا ہے
اَتَصْبِرُوْنَ ۚ وَكَانَ رَبُّكَ بَصِيْرًا ۝ ع ۲ ۱۷
آیا اب بھی تم صبر کرسکو گے؟ حالانکہ تمہارا پروردگار (سب کا) نگراں ہے